2005
خالد روحانی جنتری
ایک ایسی جنتری جو آپکو دوسری تمام جنتریوں اور تقویموں سے بے نیاز کردے گی
free copy
راہنمائے عملیات
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

خالد اسحٰق راٹھور
ایم اے ہسٹری

پبلشر و چیف ایڈیٹر
شائستہ خالد راٹھور

ہیڈ آفس

خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر ۲، گلی نمبر ۱۱، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان۔

اوقات کار

صبح 11 تا شام 5 بجے تک / تعطیل بروز اتوار

فون

0300 8442060......(042) 6374864

سب آفس

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

خالد روحانی جنتری 2005

قیمت 80 روپے

خالد اسحاق راٹھور، الف-3، فرسٹ فلور، نواب پلازہ، 48-شادمان مارکیٹ، لاہور۔

اوقات کار

شام 5 بجے تا رات 8 بجے تک / تعطیل بروز اتوار

فون

0300 8442060......(042) 7522797

قیمت

فی جنتری 80 روپے

بنک ڈرافٹ (Bank Draft)

M/s Rahnuma-i-amaliyat, A/c 1392-35,
Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road,
Lahore, Pakistan

خط و کتابت اور منی آرڈر ارسال کرنے کا پتہ

خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

ئے عملیات ہر ماہ شائع ہوتا ہے۔ قیمت 30 روپے

نمونہ کی کاپی ایک خط لکھ کر مفت طلب کریں

انعام ہی انعام

عوام کے پُر زور اصرار پر خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز، لاہور (قائم شدہ 1991) کے تحت علم نجوم، علم اعداد، علم ساعات، علم جفر اور علم روحانیات و استخارہ کے ماہرین کا ایک بورڈ تشکیل دیا گیا ہے۔ جو پرائز بانڈ نمبروں اور میچوں وغیرہ کے نتائج پر کام کرتا ہے اور حاصلہ نتائج عوام کے لیے پیش کئے جاتے ہیں۔

اس سلسلے میں مزید تفصیل کے لیے مندرجہ ذیل پتے پر رابطہ کریں۔

رابطہ: راہنمائے عملیات، ایف۔3، فرسٹ فلور، نواب پلازہ، 48 شادمان مارکیٹ، لاہور۔
وقت ملاقات......شام 05 تا رات 08 بجے تک صرف
فون 7522797 0300-4783518

نقوش وعملیات

لوح دست غیب	مالی آسودگی، ادائیگی قرض، کاروبار میں برکت، نوکری میں ترقی
لوح آیت الکرسی	بچے اور زچہ کی حفاظت، برائے تحفظ سحر جادو، گھر وافراد خانہ کی حفاظت۔
زچگی، امراض خواتین	بچوں کی پیدائش کے مسائل وامراض یا اس سلسلے میں سحری وروحانی، خصوصی نسوانی امراض کے حل کے لیے مجرب
لوح خوش قسمتی	خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کی سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کی جاتی ہے۔
طلسم تسخیر و حاجت	یہ ایک خاص روحانی وعملیاتی طریقہ کار سے تیار کیا جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو وسحر سے حفاظت، حفظ وامان یا کسی بھی مطلب کے لیے یہ خصوصی عمل تیار کروا سکتے ہیں۔
لوح اسم اعظم	ہر فرد کے مقصد اور نام کی مناسبت سے خاص اسم الٰہی استخراج کیا جاتا ہے۔ اپنے ذہنی، روحانی، مالی، مادی ہر قسم کے مسائل کے حل کے لیے لوح اسم اعظم تیار کروائیں۔
طلسم صحت	لوح تیار کرتے ہوئے خاص کوکبی اوقات اور ستاروں کی خاص پوزیشن کو مدنظر رکھا جائے اور ان کی مزید طاقت اور شفا [illegible] عمل کیا جاتا ہے جو فرد کو بیماری سے نجات اور صحت دلانے کی غیر معمولی برقی ومقناطیسی طاقت کی حامل ہوتی ہے۔
لوح تحفظ (لاکٹ)	دشمن سے حفاظت، صحت، سحری وآسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ اور قوت جسمانی
لوح مریخ	مقابلے میں کامیابی، مردانہ طاقت، صحت، جسمانی بہتری
لوح شمس	عزت وقار، شہرت، کامیابی، عروج، حصول عہدہ، اعلیٰ پوزیشن، کامیابی، نوکری میں ترقی، اولاد نرینہ
لوح زہرہ	عوام وخواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، حسن، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے۔
لوح عطارد	برائے علم وعقل اور حافظے میں اضافہ، رزق، کاروبار اور تجارت میں ترقی، فصاحت وبلاغت، دماغی امراض سے بچاؤ، امتحان میں کامیابی

راٹھور پبلشر کے تحت شائع ہونے والی کتب

کتاب	قیمت
راہنمائے عملیات (ماھنامہ)	30روپے
ہر ماہ شائع ہوتا ہے۔	
خالد روحانی جنتری	80روپے
ہر سال شائع ہوتی ہے۔	
روحانی مشورے (ترمیم شدہ)	50روپے
علم الحروف	100روپے
راہنمائے عملیات (ترمیم شدہ)	80روپے
نبی ﷺ کے وظائف	
قاموس جفر	
جفر جامع	
راہنمائے تل شناسی	40روپے
اسباق دست شناسی	60 روپے
مکمل پامسٹری	
راہنمائے دست شناسی	
آسٹرو پامسٹری	
ساعات حقیقی	90 روپے
خزینہ اعداد (ترمیم شدہ)	50 روپے
علم اعداد حقیقی	
خالد نجوم	
راہنمائے علم نجوم (حصہ اول)	80روپے
راہنمائے علم نجوم (حصہ دوم)	(زیر طبع)
ملکی نجوم	
مفتاح الرموز واسرار الکنوز	80روپے
ازدواجی نجوم	
طبی نجوم	(زیر طبع)
۱۰ سالہ جنتری ۲۰۰۰ تا ۲۰۱۰	115روپے
عملیات قرآن	(زیر طبع)

کتاب	قیمت
پاکستان کا مستقبل	
طب از رسول ﷺ	
آسان عملیات	(زیر طبع)
قرآن اور طب	
السحر الاحمر	50روپے
خالد جامع العلوم مخفی	
تاش کے ۵۲ کارڈ	
خالد رمل	
طلسمی جواہرات	(زیر طبع)
مراقبہ	(زیر طبع)
خوابوں کی تعبیر	
طلسمات زہرہ (عملیات تسخیر)	60روپے
پامسٹری، جنس اور ہماری نفسیات	(زیر طبع)
مستحصلہ قادر الکلام	50 روپے
خالد فالنامے	
بائیو ردم	
ہندی نجوم (بمعہ [illegible] ۱۰ سالہ ہندی جنتری)	110روپے
بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر (ترمیم شدہ)	100روپے
السحر العجیب فی جلب الحبیب	90روپے
اقوال امرضیۃ فی معرفۃ الاعمال الرملیۃ	40روپے
سحر بارنوخ	50روپے
کتب ابن عربی (اول)	(زیر طبع)
مجربات خالد	55روپے
تسخیر موکلات وحاضرات	60روپے
اصول وقواعد عملیات	(زیر طبع)
الاسماء الحسنی	(زیر طبع)
پاراشرا سسٹم آف اسٹرالوجی	(زیر طبع)

خالد اسحاق راٹھور، 2/11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

فہرست مضامین

اپنی بات

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے خالد روحانی جنتری 2005 آپ کے زیر مطالعہ ہے۔ قارئین رہنمائے عملیات اور خالد روحانی جنتری کی طرف سے آنے والے مشوروں کی روشنی میں اس سال جنتری میں کئی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ ان میں سب سے نمایاں امر یہ ہے کہ جنتری میں استعمال ہونے والے انگریزی حروف اور علامتوں کو تبدیل کر کے عام فہم اردو میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ اس امر کی نمایاں مثال کواکبی تقویم برائے 2005 ہے۔ جنتری کے صفحہ نمبر 189 تا 200 پر آپ یہ کواکبی تقویم دیکھ سکتے ہیں۔ اس میں تمام کواکبی علامتوں اور انگریزی حروف کو ختم کر کے اردو میں منتقل کر دیا گیا ہے اور یوں ملکی زبان میں ہونے کی وجہ سے کواکبی تقویم کا سمجھنا اب کسی فرد کے لیے مشکل نہ ہوگا۔ اسی طرح صفحہ نمبر 183 تا 188 پر دی گئی تسویۃ البیوت ہماری اس کاوش کا منہ بولتا ثبوت ہے جو ادارہ علومِ مخفی کی ترویج کے سلسلے میں کر رہا ہے۔ یہ تسویۃ البیوت مغرب سے درآمد شدہ کتب کی نقل پر مشتمل نہیں بلکہ یہ ان شہروں کے عین مطابق ہے جن کا ذکر اس میں کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں عام دعوت ہے کہ آپ ہمیں اپنے شہر کا نام ارسال کریں جس کی تسویۃ البیوت آپ آئندہ سال کی جنتری میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ جس شہر سے سب سے زیادہ خطوط موصول ہوں گے اس شہر کو شامل جنتری کر دیا جائے گا۔ ادارہ الگ سے تمام پاکستان کی تسویۃ البیوت (ٹکن سارنی) پر کام کر رہا ہے جو جلد شائع کی جائے گی۔ اسی طرح 150 سال سے زائد عرصے پر مشتمل کواکبی تقویم بھی جلد ہدیہ قارئین کی جائے گی۔

صفحہ نمبر 98 تا 114 بھی خاص طور پر قابل مطالعہ ہے۔ خصوصاً صفحہ نمبر 110 تا 114 پر عملیاتی مقاصد کے لیے قمر کے علاوہ دیگر کواکب کے درمیان بننے والی کسی بھی نظر کے شروع ہونے (ابتداء)، اس نظر کے مکمل ہونے اور پھر اس نظر کے ختم (اختتام) ہونے کا وقت بمعہ تاریخ تحریر کر دیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ کسی بھی عملیاتی مقصد کے لیے نظر بننے کا وقت اہم ہوتا ہے سوان دیئے گئے اوقات کے درمیان ہی کام کرنا چاہیے۔ نظر کے وقت اختتام کے بعد تیار کیا گیا عمل مفید ثابت نہ ہوگا۔

تقویم میں آپ کو کیا اچھا نظر آیا، کیا خامیاں محسوس کیں؟ مجھے آپ کی آراء کا انتظار رہے گا۔ آپ آئندہ سال خالد روحانی جنتری کو کیسا دیکھنا چاہتے ہیں۔ اس بارے میں ضرور لکھیں تاکہ ہم آپ کے اطمینان کے مطابق خالد روحانی جنتری کو ترتیب دے سکیں۔

آخر میں بس ایک وہی پرانی لیکن سچی بات۔ اس سفر میں جو کامیابیاں مقدر ہوئیں وہ سب اللہ کی مہربانی کے طفیل ہیں اور جو ناکامیاں اور خامیاں سامنے آئیں وہ تقاضائے بشریت تھیں۔

اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو اور ہم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے اور ہمیں دنیا اور آخرت میں کامیاب فرمائے۔ آمین۔

دعا گو

خالد اسحاق راٹھور

تفصیلی ماہانہ حالات کے لیے دیکھیں ہر ماہ شائع ہونے والا آپ کا محبوب پرچہ راہنمائے عملیات

سالانہ عمومی حالت:۔

سال 2005 برج حمل والوں کے لیے ازدواجی امور کے حوالے سے کافی خوش بختی کا باعث رہے گا اور اس کے اثرات 2004 کے اواخر سے محسوس ہونا شروع ہو جائیں گے۔ حمل افراد کو شراکتی امور سے سال 2005 میں فوائد ہوں گے۔ مگر سال کے پہلے آدھے حصے میں جائیداد کے مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ سال 2005 ایسے حمل افراد کے لیے بھی خوشگوار موقع لائے گا جو رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے کے خواہشمند ہیں۔ سال کے دوسرے آدھے حصے میں حمل والدین کو اپنی توجہ بچوں کو دینا ہوگی اور ان کے معاملات زیر بحث رہیں گے۔

حمل افراد کے لیے سال 2005 کی الواح:۔

ماہ مارچ میں جب مریخ شرف میں آئے گا تو لوح شرف مریخ حمل افراد والوں کے شخصیت کی برتری اور دنیا میں مقام کو بلند کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ نوکری پیشہ حمل افراد والوں کے لیے ماہ ستمبر میں عطارد کا حالت شرف میں آنا باعث برکت ہوگا اور اس موقع پر لوحِ عطارد تیار کروانا، نوکری میں پروموشن اور افسران سے اچھے تعلقات کا باعث بنے گا۔

ان الواح کی تیاری کے لیے ادارے سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

ماہ جنوری:۔

اس مہینے میں بہت حد تک خوش قسمتی آپ کے ساتھ ہوگی۔ یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ معاملات زندگی میں ایک توازن پیدا ہوگا اور آسانیاں رہیں گی۔ مگر یہ بات ذہن میں رکھیں کہ اس ماہ زیادہ توجہ دنیاوی معاملات پر دینا ہوگی اور کاروباری اور سوشل مصروفیات سے آسانی سے پیچھا نہ چھڑا سکیں گے۔ معاملات کو نمٹاتے وقت سامنے والے سے زیادہ توقعات وابستہ کرنا کچھ مشکلات کو سامنے لے کر آسکتا ہے سو ذرا محتاط رہیں۔

سعد تاریخیں	27,19,12,2	نحس تاریخیں	29,17,10,4

ماہ فروری:۔

ماہ فروری کا مہینہ بہت بہتر اور اچھا ثابت ہوگا۔ اس ماہ آپ کا حاکم سیارہ شرف میں آرہا ہے۔ عزت وقار کی بلندی اور بڑھوتری کے لیے لوح شرف مریخ بنوانا مفید ثابت ہوگا۔ اس ماہ زیادہ تر توجہ دنیاوی امور اور اس سے متعلقہ معاملات کو نمٹانے میں لگ جائے گی۔ روپے پیسے کے حصول میں آسانی رہے گی۔ خواہشات اچھے طریقے سے پوری ہوں گی اور ان خواہشات کے حصول میں ملنے جلنے والے اور حلقہ احباب کے لوگ ممد و معاون ثابت ہوں گے۔ گھر کی ذمہ داریاں اور باہر کی ذمہ داریوں کے درمیان توازن رکھنا کافی مشکل ہوگا مگر اس مشکل پر قابو پانا ہوگا۔

سعد تاریخیں	24,19,11,3	نحس تاریخیں	28,12,7

ماہ مارچ:۔

اس ماہ جہاں آپ کی مصروفیات میں اضافہ ہوگا اور کاروبار زندگی کی دوڑ میں آگے نکلنے کی کوشش کر رہے ہوں گے وہاں اخراجات بھی اپنا منہ کھولے بیٹھے ہوں گے۔ جو کما رہے ہوں گے اس کے خرچ ہونے کی جگہ پہلے سے تیار ہوگی۔ زیادہ تر اخراجات کی نوعیت تعیش سامان کی خریداری اور [illegible] کو قائم رکھنے پر مشتمل ہوگی۔ مہینے کے اختتامی دنوں میں قوت فیصلہ کی کمی کو محسوس کریں گے۔ اس ماہ کے آخر میں جو بھی فیصلے ہیں وہ بہت سوچ و بچار اور غور و فکر کے بعد لیں ورنہ نقصان کا احتمال ہے اور خاص طور پر ایسے فیصلے جو گھریلو اور دنیاوی امور سے وابستہ ہوں۔

سعد تاریخیں	25,15,10,1	نحس تاریخیں	28,20,13

ماہ اپریل:۔

اس ماہ میں معاشرے میں عزت وقار کے بحال ہونے کے ساتھ ساتھ بہتر ہونے کے بڑے روشن امکانات ہیں۔ خواہشات کے حصول کے لیے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں گی۔ ملنے جلنے والے اور حلقہ احباب میں شامل لوگ باعث عزت و افتخار ہوں گے۔ بڑی عمر کے حمل افراد کے بچے بھی ان کے لیے خوشی کا باعث ہوں گے۔ اخراجات پر کنٹرول اور فیصلوں میں سوچ بچار نہایت ضروری ہے ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔

سعد تاریخیں	28,23,13,8	نحس تاریخیں	26,18,11

ماہ مئی:۔

اس ماہ صورتحال کچھ یوں رہے گی کہ ذرائع آمدن تو بہتر ہوں گے ہی اور اگر بانڈ وغیرہ خرید کر رکھے ہوئے ہیں تو ان پر انعام لگنے کی امید بھی کی جاسکتی ہے۔ یعنی کہ روپے پیسے کے حصول میں بہت زیادہ آسانی رہے گی مگر اس کے ساتھ ساتھ

اخراجات بھی اپنا منہ کھول کر بیٹھے ہوں گے۔سو اس رجحان پر قابو پائیں وگرنہ مہینے کے اختتام پر یہ کہتے ہوئے بھی نظر آسکتے ہیں کہ اس ماہ تو کچھ خاص کمایا ہی نہیں۔

25,17,10	نحس تاریخیں	27,22,12,7	سعد تاریخیں

ماہ جون:.

اس ماہ کی خاص بات حمل افراد کا اپنے آپ پر اور اپنی صلاحیتوں پر اعتماد کرنا ہے۔اس ماہ کے دوسرے عشرے سے یہ اثرات محسوس ہونا شروع ہو جائیں گے۔حمل افراد اپنے اندر ایک نیا جوش اور ایک نیا ولولہ محسوس کریں گے۔اس ماہ گھر اور خاندان کے مسائل میں الجھ سکتے ہیں۔گھر کے افراد توجہ چاہیں گے اور یہ بھی چاہیں گے کہ کچھ وقت ان کو بھی دیا جائے۔ان میں عزیز و اقربا اور چھوٹے بہن بھائی خاص طور پر شامل ہیں۔مگر دوسری طرف زندگی گزارنے کے اور دنیا میں رہنے اور دنیاوی معاملات کے تقاضے اپنی جگہ ہیں جو کہ اپنی طرف کھینچنے کو بے تاب ہوں گے۔سو اس ماہ کے چیلنج کو قبول کریں اور اپنے کاموں کو نمٹائیں۔شریک حیات کے تعاون کو حاصل کرنے کی کوشش ضرور کریں۔وگرنہ مسائل بڑھ سکتے ہیں۔

22,15,7	نحس تاریخیں	20,10,5	سعد تاریخیں

ماہ جولائی:.

ماہ جولائی بھی ایک ایسا ماہ ہے جو حمل افراد والوں کے لیے طاقت و توانائی کا باعث بنے گا۔اس ماہ میں حمل افراد ایسا محسوس کریں گے کہ جیسے وہ دنیا کا ہر کام کر سکتے ہیں۔اس ماہ میں ایک بات کا دھیان رکھنا بہت ضروری ہے کہ اس طاقت و توانائی کے عالم میں یہ ضروری نہیں کہ سامنے والے کو کچھ بھی نہ سمجھا جائے۔خاص طور پر خاندان کے بڑے بزرگ کچھ ایسے معاملات سامنے لے کر آئیں گے جہاں پر ان کی ماننی پڑے گی۔مگر اس کے ساتھ سیر و تفریح کے مواقع بھی حاصل ہوں گے۔جوان حمل افراد دوستوں کے ساتھ اچھا وقت گزاریں گے اور بڑی عمر کے حمل افراد بچوں کے ساتھ تفریح بخش وقت گزاریں گے۔یعنی کے تھوڑا گرم تھوڑا نرم چلتا رہے گا۔

21,14,6	نحس تاریخیں	23,19,9,4	سعد تاریخیں

ماہ اگست:.

اس ماہ میں حمل افراد کا دھیان روپے پیسے کے حصول کی طرف لگا رہے گا۔شریک حیات کی صحت کی طرف سے کچھ فکر مندی رہ سکتی ہے۔حمل افراد کو گفتگو میں احتیاط برتنی چاہیے۔تلخ کلامی سے پرہیز کریں وگرنہ معاملات ہاتھ سے باہر نکل سکتے ہیں۔حلقہ احباب میں اضافہ بھی ممکن ہے۔ساتھ کام کرنے والے افراد اچھے دوست ثابت ہو سکتے ہیں۔اخراجات پر نظر رکھیں۔دوستوں اور بچوں کی وجہ سے خوشیوں کا حصول ہوگا۔

18,12,4	نحس تاریخیں	20,16,7,1	سعد تاریخیں

ماہ ستمبر:.

اس ماہ میں حمل افراد گھریلو اور خاندانی مسائل کے حوالے سے کافی فرق اور تبدیلی محسوس کریں گے کہ کیوں کہ زحل جو پچھلے عرصہ دو سال سے گھریلو اور خاندانی مسائل پیدا کرنے کا باعث بن رہا تھا وہ بھی اپنی برجی پوزیشن تبدیل کر چکا ہے۔حمل افراد کی روپیہ کمانے کی دھن اس ماہ بھی برقرار رہے گی۔اس ماہ کے پہلے دو عشرے دنیاوی امور کے حوالے سے بہت مثبت گزریں گے۔لوگ پیار و محبت سے پیش آئیں گے۔اس ماہ میں کام کی زیادتی کچھ تنگ کر سکتی ہے مگر یہ کام کرنا حق میں ہی

رہے گا۔

سعد تاریخیں	27,18,13,4	نحس تاریخیں	29,16,9,1

ماہ اکتوبر:۔

اس ماہ شمس کو زوال یعنی ہبوط ہوگا۔ ایسے لوگوں کے ساتھ معاملہ داری پڑ سکتی ہے جو اپنے آپ کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں۔ اس لیے کسی بھی معاملے داری میں جانے سے پہلے اصل حقائق کو ضرور مدِ نظر رکھیں۔ اس ماہ میں پیسہ کمانے کی خواہش زیادہ ہو جائے گی مگر مواقع اتنے نہیں ملیں گے۔ لین دین کے معاملات میں کچھ کھچاؤ محسوس کریں گے اور لوگوں کے ساتھ تلخ کلامی بھی ہو سکتی ہے۔ اس لیے اس تمام عرصے میں کوشش کریں کہ دماغ کی گرمی زبان کے راستے زیادہ باہر نہ نکلے وگرنہ مسائل میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	24,15,11,2	نحس تاریخیں	26,13,7

ماہ نومبر:۔

اس ماہ کی ایک خاص بات وہ یہ کہ مشتری جو پچھلے ایک سال سے برج میزان میں تھا اب حرکت کرتا ہوا برج عقرب میں جا چکا ہے۔ لین دین کے معاملات میں ایک آسانی آسکتی ہے مگر لین سے زیادہ دین کے معاملات میں آسانی ہوگی۔ اس ماہ میں مالی معاملات پر کافی دباؤ رہ سکتا ہے۔ اپنے اخراجات کو کنٹرول کریں [illegible] بھی قسم کی ڈیل میں داخل ہونے سے پہلے یہ ضرور دیکھ لیں کے آپ کے مفادات محفوظ ہیں کے نہیں۔ اعلیٰ افسران اور معاشرے کی نظروں میں پوزیشن مثبت رہے گی اور بہت حد تک ممکن ہے کہ اعلیٰ اور مقتدر حلقے سے وابستہ لوگ حلقہ احباب میں آنے لگ جائیں۔

سعد تاریخیں	22,17,8,3	نحس تاریخیں	27,19,5

ماہ دسمبر:۔

عرصہ دراز کے بعد معاملات زندگی میں ایک سکون محسوس کریں گے۔ رکے ہوئے کام ہونا شروع ہو جائیں گے۔ مریخ کا حالت استقامت [illegible] معاملات [illegible] زیادہ تیزی [illegible] لائے گا۔ [illegible] موافق سمت میں چلنا شروع ہو جائے گی تو یہ ممکن ہے کہ کچھ لاپرواہیاں آپ سے ہونا شروع ہو جائیں جس سے لوگوں میں آپ کا مذاق اڑ سکتا ہے۔ مگر امید ہے کہ آپ اپنے معاملات کو حل کرنے میں ٹھہراؤ کا ثبوت دیں گے۔ مذہبی معاملات کی طرف دھیان لگ سکتا ہے۔ بیرونِ ممالک سے متعلقہ لوگ توجہ کا باعث ہو سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	22,17,8,3	نحس تاریخیں	27,19,5

ثور افراد کے لیے خوش قسمتی کے پتھر:۔

ہیرا، نیلم

ثور افراد کے لیے خوش قسمت دن:۔

جمعہ، ہفتہ، جمعرات

ثور افراد کے لیے خوش قسمتی کے اعداد:۔

9,3,6

ثور افراد کے لیے خوش قسمت رنگ:۔

سفید رنگ، لائیٹ بلیو

سالانہ عمومی حالت:۔

برج ثور سے متعلقہ افراد کی صحت اور صحت سے متعلق امور میں بہتری آئے گی۔ نوکری پیشہ ثور افراد کی ترقی کے امکانات کافی روشن ہیں۔ کاروباری ثور افراد کو اپنے ملازمین سے فوائد حاصل ہوں گے۔ سال کے پہلے آدھے حصے میں رشتہ داروں اور بہن بھائیوں سے متعلقہ امور میں بہتری رہے گی اور سال کے دوسرے آدھے حصے میں زحل حرکت کرتا ہوا چوتھے گھر میں داخل ہو جائے گا۔ ثور افراد کو گھریلو اور خاندانی امور سے متعلقہ معاملات اپنی طرف کھینچیں گے سو اس وقت کے دوران ان معاملات کو بھی دھیان دیں۔

ثور افراد کے لیے سال 2005 کی الواح:۔

مارچ کے مہینے میں طالع کے مالک زہرہ کے شرف میں آنے پر لوح شرف زہرہ بنوائیں۔ جس سے معاشرے میں عزت وقار میں اضافہ ہوگا۔ ستمبر کے مہینے میں لوح شرف عطارد بنوا کر اپنے مالی مفادات کو تحفظ دیں۔ ان الواح کی تیاری کے لیے ادارے سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔

ماہ جنوری:۔

پچھلے سال کے اختتام کے وقت جو دباؤ محسوس کر رہے تھے وہ اس سال کے آغاز میں کچھ ہٹتا نظر آتا ہے۔ اس ماہ میں دھیان ایسے امور کی طرف لگا رہے گا جو عرصہ طویل پر محیط ہوں گے۔ کچھ رجحان مذہبی بھی ہو جائے گا۔ مالی معاملات پر دباؤ بدستور رہے گا۔ اپنے تمام امور کو نمٹاتے ہوئے اس بات کو دھیان میں رکھیں کہ کچھ دیر اور تاخیر ہو سکتی ہے سو اس سے نہ گھبرائیں۔ بیرون ممالک سے متعلقہ امور میں فوائد حاصل ہونے کے امکانات بھی نظر آ رہے ہیں۔

سعد تاریخیں	29,19,14,2	نحس تاریخیں	17,10,4

ماہ فروری:۔

یہ ماہ بھی عزت و وقار کے حوالے سے مثبت جائے گا۔ بیرون ممالک سے متعلقہ امور میں تیزی آئے گی۔ اللہ کی راہ میں خرچہ کرنے کا موقع ملے گا۔ افسران بالا اور مقتدر حلقوں سے ریسپانس اچھا ملے گا مگر ماہ کے آخری عشرے میں خواہشات کے حوالے سے دوستوں پر انحصار کچھ خاص اچھا نہ رہے گا۔ زیادہ تر معاملات ذاتی کوششوں سے حل ہوں گے۔

سعد تاریخیں	25,11,3	نحس تاریخیں	28,13,7

ماہ مارچ:۔

یہ ماہ خواہشات کے حصول کے حوالے سے بہت اچھا رہے گا۔ پرانے معاملات بھی حل ہو سکتے ہیں۔ مگر یہ یاد رہے کہ ان خواہشات کے حصول میں سب سے اہم کردار آپ کی اپنی ذات کا ہوگا۔ گھر اور خاندان کے لوگ بھی مثبت اور اہم کردار ادا کریں گے۔ اس ماہ کے آخر میں اخراجات کا دباؤ بڑھ جائے گا۔ اور ثور افراد بذات خود ان اخراجات و مسائل کے ذمہ دار زیادہ ہوں گے۔

سعد تاریخیں	24,15,10	نحس تاریخیں	27,12,2

ماہ اپریل:۔

اس ماہ میں دوستوں کی طرف سے محتاط رہیں وہ یا تو مسائل پیدا کر سکتے ہیں یا مسائل پیدا کرنے کی وجہ ہو سکتے ہیں۔ گھر کے اخراجات میں اضافہ ممکن ہے۔ زیادہ تر اخراجات نام و نمود کی وجہ سے ہوں گے۔ دنیاوی معاملات اور اپنے سے برتر لوگوں کے ساتھ تعلقات میں خاص قسم کی تیزی رہے گی۔ صحت کے امور کی طرف سے لاپرواہی نہ برتیں وگرنہ نقصان بھی ہو سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	25,21,11,7	نحس تاریخیں	23,9,2

ماہ مئی:۔

اس ماہ کے آغاز میں آپ اپنے آپ کو پرسکون محسوس کریں گے اور طبیعت آرام کی طرف مائل ہوگی۔ بہت ساری چیزوں کے ساتھ آپ اپنے آپ کو نمایاں محسوس کریں گے۔ خودنمائی کا جذبہ بھی سامنے آ سکتا ہے۔ اس ماہ کے دوسرے آدھے حصے میں مالی معاملات میں خاص قسم کا پرآسان ماحول ملے گا۔ مختلف ذرائع سے آمدن ہو سکتی ہے خصوصاً کوئی بونس بھی مل سکتا ہے۔ ثور افراد اس ماہ اپنی خواہشات کے حصول کے حوالے سے ضرورت سے زیادہ سرگرم رہیں گے اور شدت پسند رویہ بھی اختیار کر سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	23,18,8,4	نحس تاریخیں	27,21,6

ماہ جون:۔

اس ماہ میں زیادہ تر سرگرمیاں مالی امور سے متعلق رہیں گی۔ جائیداد کی خرید و فروخت سے آمدن ہو سکتی ہے مگر اس کے ساتھ اخراجات بھی منہ کھولے کھڑے ہیں۔ ثور افراد کے شریک حیات کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ ثور کاروباری افراد اپنے قریبی شہروں میں کاروبار کے حوالے سے سفر پر جا سکتے ہیں۔ نوکری پیشہ لوگ کسی ٹور پر بھی جا سکتے ہیں۔ اس ماہ کمائی کے حصول کے لیے باوقار گفتگو بہت اہم رہے گی۔

سعد تاریخیں	20,15,5	نحس تاریخیں	24,17,3

ماہ جولائی:۔

اس ماہ زحل ثور افراد کے زائچے کے تیسرے گھر سے نکل کر چوتھے گھر میں داخل ہو رہا ہے سو اس مہینے گھریلو امور، والدہ کی طبیعت اور ایسے کئی مسئلے جو کہ گھریلو نوعیت کے ہو سکتے ہیں کہ لیے اپنے آپ کو تیار کریں۔ ویسے بھی اس ماہ زیادہ تر معاملات کا مرکز گھر اور خاندانی امور سے رہے گا۔ گھر کے ماحول میں ملا جلا رجحان رہے گا۔ اس ماہ تو زحل کی آمد زیادہ محسوس نہ کریں گے بلکہ اس کے اثرات اگلے ماہ سے زیادہ ہوں گے۔ دوستوں کے ساتھ یا بچوں کے ساتھ مختصر دورانیے کے سفر پر

بھی جا سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	25,13,2	نحس تاریخیں	28,21,15

ماہ اگست:۔

یہ مہینہ ذاتی حوالے سے کچھ زیادہ سرگرم نہ رہے گا۔ ثور افراد کی طبیعت پر عجیب قسم کی پژمردگی چھائی رہے گی۔ زیادہ تر دھیان تفریح اور کھیل کود وغیرہ میں لگا رہے گا۔ دوستوں سے محتاط رہیں اور اپنی زبان سے بھی۔ یہ دونوں مل کر گھر کی فضا کو خراب کر سکتے ہیں۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ وہ اس حد تک خراب نہ ہوگی۔ جس حد تک کوئی اس کو خراب کرنے کے بارے میں سوچ سکتا ہے۔ اس ماہ گھر کے معاملات میں والدہ کی حکمرانی کو ماننا پڑے گا۔ ویسے بھی گھریلو امور کو نمٹاتے وقت محتاط رہیں۔

سعد تاریخیں	22,14,9	نحس تاریخیں	24,18,11

ماہ ستمبر:۔

پچھلے مہینے جو کمزوری، سستی اور کاہلی محسوس کر رہے ہوں گے وہ اس ماہ نہ ہوگی۔ بچوں اور دوستوں سے متعلقہ امور زیادہ سرگرم نوعیت کے ہو سکتے ہیں۔ صحت کے حوالے سے مثبت تبدیلیاں آئیں گی اور صحت بہتر رہے گی۔ آپ کی کام کرنے کی قوت استعداد ویسے تو بڑھی ہوئی ہے مگر اس مہینے کے شروع کے عشرے میں آپ اس کو بہت بہتر محسوس کریں گے۔ آپ کو یوں محسوس ہوگا کہ جیسے آپ کے اندر بجلیاں بھری ہوئی ہیں مگر پھر بھی آپ کو مشورہ کچھ آہستہ روی کا دیا جاتا ہے وگرنہ طبیعت میں موجود تیزی و تندی کسی نقصان کا شکار نہ کر دے۔

سعد تاریخیں	19,10,6	نحس تاریخیں	21,15,8

ماہ اکتوبر:۔

مریخ کا طالع میں ہونا اور پھر حالت رجعت میں ہونا کچھ اچھے آثار نہیں بتا رہا ہے۔ دوسرا اس ماہ اپنی صحت کے حوالے سے محتاط روی کا مظاہرہ کریں وگرنہ بلند فشار خون جیسا مرض طبیعت کی خرابی کا باعث بن سکتا ہے۔ اس ماہ زہرہ کی حالت بھی کچھ بہتر نہیں ہے۔ ہر جگہ کام بھی کریں محتاط روی کے ساتھ کریں اور تمام اچھائیوں اور برائیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہاتھ ڈالیں۔ اخراجات سر پر منڈلا رہے ہیں اور لین دین کے معاملات بھی تنگ کر سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	31,16,3	نحس تاریخیں	18,12

ماہ نومبر:۔

اس ماہ مد مقابل لوگ طاقت پکڑے ہوئے ہیں مگر آپ بھی تنہا نہیں ہیں۔ اللہ کی مدد آپ کے شامل حال رہے گی مگر احتیاط وہی ہے کہ غصے اور گرمی سے پرہیز کرنا ہے وگرنہ معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ اس وقت گھر اور خاندان والوں کا ساتھ بھی آپ کے ساتھ نہیں رہے گا۔ لین دین کے معاملات میں دستاویزات کی کمی الجھن کا باعث ہو سکتی ہے۔ مگر یہ بات ضرور ہے کہ جن کے ساتھ بھی آپ کا واسطہ پڑے گا وہ اچھے اوصاف اور اچھے اخلاق کے حامل لوگ ہوں گے۔ سو یہ کہا جا سکتا ہے کہ میانہ روی اختیار کر کے مسائل کو کم کیا جا سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	27,17,13,4	نحس تاریخیں	29,15,8,2

ماہ دسمبر:۔

ایک طویل عرصے کے بعد مریخ حالت رجعت سے استقامت میں آرہا ہے۔ جس سے معاملات کی تندی و تیزی میں کافی کمی آئے گی۔ بیرون ممالک سے متعلقہ امور میں نمایاں کامیابی ملے گی۔ سسرالی رشتہ دار بھی فوائد کا باعث ہو سکتے ہیں۔ کسی ایسی کاروباری شراکت میں جانے کا امکان ہے جو آپ جلد بازی میں کر سکتے ہیں۔ سو جلد بازی سے پرہیز کریں ساتھ چلنے والوں پر اعتماد کریں اور ان کو سمجھ کر چلنے کی کوشش کریں۔

سعد تاریخیں	24,10,1	نحس تاریخیں	27,12,6

برج جوزا

جوزاافراد کے لیے خوش قسمتی کے پتھر:۔

زمرد، پکھراج

جوزاافراد کے لیے خوش قسمت دن:۔

بدھ، جمعرات، منگل

جوزاافراد کے لیے خوش قسمت اعداد:۔

1,9,5

جوزاافراد کے لیے خوش قسمت رنگ:۔

سبز، پیلا، بسنتی

سالانہ عمومی حالت:

یہ سال آپ کے لیے آسانیاں اور خوشیاں لے کر آئے گا۔ ان خوشیوں کا باعث، دوست احباب بچے اور ملنے جلنے والے ہو سکتے ہیں۔ ریس، لاٹری اور دیگر ایسے آسان ذرائع سے آمدنی بھی ہو سکتی ہے مگر چونکہ برجِ جوزا والوں کا اپنی ساڑھ ستی کے آخری 6 ماہ سے گزرنا ابھی باقی ہے۔ اس لیے تو پہلے 6 ماہ کسی بھی قسم کے آسان ذریعے سے آمدنی کے حصول کی طرف نہ جائیں وگرنہ نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ ہاں سال کے دوسرے آدھے حصے میں مندرجہ بالا امور کی وجہ سے خوش قسمتی کا گراف بہتر ہو سکتا ہے۔

سال 2005 کے لیے برج جوزا والوں کے لیے الواح:۔

اس سال مارچ میں مریخ حالت شرف میں ہوگا۔ خواہشات کے حصول، بہتر صحت اور بہتر روزگار کے لیے لوحِ شرف مریخ بنوائیں۔ ستمبر میں عطارد کو ملنے والے شرف سے وہ لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو گھریلو، خاندانی اور جائیداد کے امور سے وابستہ مسائل کے حل کے طلبگار ہیں۔ ان الواح کی تیاری کے لیے ادارے سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

ماہ جنوری:۔

اس سال کا آغاز کچھ خاص خوشگوار نہیں ہوگا۔ یہ بات اپنی جگہ ہے کہ کچھ مثبتیت بھی رہے گی۔ مگر ساتھ چلنے والوں کے ساتھ معاملات میں کچھ تلخی آسکتی ہے۔ دنیا والے آپ سے زیادہ سیانے اور مطلب پرست ہیں۔ اگر کوئی ساتھ دے رہا ہے تو وہ ذاتی فوائد کے حصول کے لیے دے رہا ہے۔ مگر بات یہ بھی طے ہے کہ کام بھی ان ہی لوگوں سے نکلنے ہیں۔ خیر یہ

اونچ نیچ زندگی کا حصہ ہے۔ اس وقت کو صبر و تحمل سے گذاریں۔ معاملات ٹھیک ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	26,21,12,8	نحس تاریخیں	24,16,10

ماہ فروری:۔

اس ماہ میں آپ کو اپنے معاملات کھلتے ہوئے نظر آئیں گے۔ اللہ کی مدد شامل حال رہے گی۔ مگر مشتری کا رجعت میں جانا کچھ مسائل لے کر آ سکتا ہے۔ بچوں کی طرف سے کچھ مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ ازدواجی زندگی میں پیدا ہونے والے مسائل اب کم ہوتے نظر آتے ہیں۔ اس ماہ کے دوسرے آدھے حصے میں آپ کی زیادہ تر توجہ سوشل امیج پر ہوگی۔ اس کو برقرار رکھنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ خانہ مال پر دباؤ بدستور رہے گا۔

سعد تاریخیں	17,9,5	نحس تاریخیں	20,13,7

ماہ مارچ:۔

یہ ماہ آپ کے لیے کافی خوش خبریاں لے کر آئے گا۔ امیدیں اور خواہشیں پوری ہوگی۔ یوں لگے گا جیسے غیبی امداد مل رہی ہو۔ رشتہ دار اور چھوٹے بہن بھائی خواہشات کی تکمیل کے حوالے سے اہم کردار ادا کریں گے۔ مگر یہ یاد رہے کہ مالی امور پر دباؤ ویسے کا ویسا ہی ہے۔ سو اس موقع کو غنیمت جانتے ہوئے پس اندازی ضرور کر لیں۔ بچوں کے معاملے میں لا پرواہی آنے والے وقتوں میں مسائل [illegible] کرا سکتی ہے۔ اس لیے کھلایئے [illegible] کا نوالہ دیکھیئے شیر کی نظر سے۔

سعد تاریخیں	31,17,8,4	نحس تاریخیں	19,12,6

ماہ اپریل:۔

اس ماہ میں مالی امور پر شدید دباؤ قدرے کم ہو جائے گا۔ مگر اخراجات پر دباؤ بڑھ جائے گا۔ یہ اخراجات زیادہ تر سیر و تفریح اور ایسی نوعیت کے ہوں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے لیے اخراجات کرنے پڑ سکتے ہیں۔ روپے پیسے کے حصول کے لیے خواہشات اس ماہ کے پہلے عشرے میں کافی [illegible] ہوں گی اور اس زیادتی کی وجہ سے کئی غلط فیصلے ہو سکتے ہیں۔ سو ایسے رجحانات سے باز رہیں۔ بیرون ممالک سے متعلقہ معاملات میں تیزی رہے گی۔ نوکری پیشہ افراد کا بیرون ملک ٹور بھی لگ سکتا ہے۔ کاروباری حضرات کے ملازمین ان کے لیے فائدے کا باعث بنیں گے۔

سعد تاریخیں	27,18,13,4	نحس تاریخیں	29,15,8,2

ماہ مئی:۔

اس ماہ کے آغاز سے ہی سوشل اور دنیاوی مصروفیات گھیرے میں لے لیں گی۔ افسرانِ بالا زیادہ سے زیادہ کام اور کارکردگی کی خواہش ظاہر کریں گے۔ اس لیے وقت کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے کام پر دھیان دیں۔ اس ماہ کے دوسرے عشرے سے کچھ ذہنی سکون ملنے لگے گا۔ اور بہت سارے کام کے دباؤ کے باوجود فرحت و سکون محسوس کریں گے۔ اس ماہ کے آخری عشرے سے معاشرے میں اور آس پاس کے لوگوں میں ایک مقام اور پہچان بننا شروع ہو جائے گی۔ اپنے آپ کو جوزا افراد معتبر سمجھنا شروع کر دیں گے۔ لوگوں کی توقعات بڑھ جائیں گی۔ وہ سارے دباؤ جو اس ماہ کے شروع میں محسوس ہو رہے تھے وہ اب ختم ہونا شروع ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	24,15,10,1	نحس تاریخیں	26,12,5

ماہ جون:۔

اس ماہ کے آغاز سے ہی مالی معاملات میں کشادگی اور آسانی میسر آئے گی۔ صحت بہتر ہوگی اور اگر صحت سے متعلقہ مسائل ہوں گے تو وہ حل ہونا شروع ہو جائیں گے۔ دوست احباب ملنے جلنے والے فوائد لے کر آسکتے ہیں۔ اس ماہ میں جوزا افراد بھی مالی معاملات اور بینک بیلنس سے متعلقہ معاملات کو بہتر کرنے کے خواہش مند ہوں گے۔ خواہشات بہتر اور بڑے اچھے انداز میں پوری ہوں گی۔ ساتھ کام کرنے والے کافی مددگار ثابت ہوں گے۔ اس ماہ میں ایسا محسوس ہوگا کہ جیسے بند راستے کھل گئے ہوں اور تنگ راہیں کشادہ ہوگئی ہوں۔

سعد تاریخیں	24,20,6	نحس تاریخیں	29,22,8,1

ماہ جولائی:۔

اس ماہ میں جوزا افراد جو پچھلے طویل عرصے سے زحل کی ساڑھ ستی سے گذر رہے تھے اب آزاد ہو جائیں گے۔ ان کے مالی معاملات پر رہنے والا دباؤ اب ختم ہو جائے گا۔ اب وہ وقت آگیا ہے کہ اپنے بند کیے ہوئے پر پرواز کے لیے کھول لیں اور قرب و جوار میں اڑان بھرنے کو تیار ہوں۔ اس ماہ میں کسی مختصر دورانیے کے سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے اور یہ سفر فوائد و ثمرات سے بھرپور ہوگا۔ اچھی خبریں سننے کو مل سکتی ہیں۔ ہمت، حوصلے اور معاملات کو سمجھنے کی صلاحیت بڑھ جائے گی۔ زندگی میں آسانی اور خوشی ملے گی۔

سعد تاریخیں	31,18,8,3	نحس تاریخیں	26,20,6

ماہ اگست:۔

اس ماہ کی خاص احتیاط ہے گھریلو استعمال کی اشیاء اور سواری۔ کوئی خاص کوشش نہ کریں ان چیزوں کو تبدیل کرنے کی۔ کیونکہ بہت حد تک ممکن ہے کہ جو چیز تبدیل کر کے لائیں وہ پہلے سے بھی خراب ہو۔ ہاں 18 تاریخ کے بعد اگر ایسا قدم اٹھانا چاہیں تو کوئی مضائقہ نہیں۔ کچھ وقت گھر کے مسائل و معاملات کو بھی دیں۔ زیادہ لاپرواہی کسی نقصان کا پیش خیمہ ہوسکتی ہے۔ خاص طور پر بچوں [illegible] معاملات پر خصوصی توجہ [illegible] اخراجات میں اضافہ شروع ہوسکتا ہے۔ ملازمین اور ساتھ کام کرنے والوں سے احتیاط برتیں۔ کسی قسم کے نقصان کا باعث ہوسکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	27,15,5	نحس تاریخیں	23,17,2

ماہ ستمبر:۔

اس ماہ کچھ چیزیں حق میں ہوں گی اور کچھ خلاف ہوں گی۔ ملا جلا رجحان رہے گا۔ صحت کی طرف سے لاپرواہی برتی جاسکتی ہے جو کہ کسی مسئلے کا شکار کر سکتی ہے۔ گھر اور گھریلو استعمال کی اشیاء کی خرید و فروخت بہتر نتائج دے گی۔ زیادہ تر توجہ گھر، گھریلو معاملات اور بچوں کی طرف رہے گی۔ کسی ایسی حرکت میں ملوث نہ ہوں جو کہ شروع تو تفریح کے مقصد سے کی جائے مگر بعد میں وہ شرمندگی کا باعث بنے۔ دوستوں اور ملنے جلنے والوں سے بات چیت اور گفت و شنید کرتے وقت احتیاط برتیں وگرنہ نقصان کے ذمہ دار خود ہوں گے۔

سعد تاریخیں	24,16,11,2	نحس تاریخیں	27,20,13

ماہ اکتوبر:۔

یہ ماہ صحت کے مسائل کے حوالے سے خاصا اہم ہے۔ اس مہینے کام کی زیادتی کافی ہوسکتی ہے۔ نوکری پیشہ افراد کے

لیے بھی اچھی اور بہتر خبر منتظر ہے۔ صحت کے مسائل اس ماہ کچھ تنگ کر سکتے ہیں۔ مگر اچھی بات یہ ہے کہ جوزا افراد خود بھی اس حقیقت سے آگاہ ہوں گے کہ ان کو صحت کے معاملات پر توجہ دینی ہے اور کام کی زیادتی کو کیسے ہینڈل کرنا ہے؟ ازدواجی زندگی میں خوشگواریت کا عنصر رہے گا۔ شریک حیات کے لیے تحفے تحائف لے کر آئیں گے جس سے اس کا مزاج بہتر ہو جائے گا۔

سعد تاریخیں	27,22,13,9	نحس تاریخیں	25,17,11

ماہ نومبر:.

اس ماہ کے شروع سے ہی معاملات میں کچھ کچھاؤ محسوس کریں گے۔ اس ماہ میں زیادہ تر اپنے معاملات کی تکمیل کے لیے سامنے والے پر انحصار کریں گے۔ ضرورت سے زیادہ ایسا کرنا معاملات میں خرابی لاسکتا ہے۔ ساتھ چلنے والے اور دنیا والے اس بات کا ناجائز فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس ماہ کے اختتام میں ذہنی پریشانیوں میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ رشتہ داروں اور چھوٹے بہن بھائیوں سے معاملات میں سرد مہری آسکتی ہے جو ذہنی پریشانی کا باعث بن سکتی ہے۔

سعد تاریخیں	24,19,10,6	نحس تاریخیں	21,14,8

ماہ دسمبر:.

خاصے عرصے سے جو بے سکونی اور بے اطمینانی کی کیفیت تھی اب اس میں کچھ کمی واقع ہونا شروع ہو جائے گی۔ مگر ہدایت وہی ہے کہ ضرورت سے زیادہ اعتماد کرنا کسی خاص فائدے کا باعث نہیں بن سکتا۔ اخراجات کا بڑھتا ہوا دباؤ بھی اس ماہ کے دوسرے عشرے سے کم ہونا شروع ہو جائے گا۔ جو بھی معاملات ہیں ان کو تحمل و بردباری سے خود حل کرنے کی کوشش کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ معاملات میں بہتری آئے گی۔

سعد تاریخیں	31,17,8,3	نحس تاریخیں	19,12,5

سرطان افراد کے لیے خوش قسمتی کے پتھر:۔
سفید موتی، ہیرا، مرجان

سرطان افراد کے لیے خوش قسمتی کے دن:۔
پیر، جمعہ، منگل

سرطان افراد کے لیے خوش قسمت اعداد:۔
8,6,2

سرطان افراد کے لیے خوش قسمت رنگ:۔
سفید، بسنتی، پیلا

سالانہ عمومی حالت:.

سال 2005 برج سرطان والوں کے لیے گھریلو معاملات، سواری اور والدہ کے حوالے سے خوش بختی اور خوش نصیبی

لے کر آئے گا۔ سواری اگر نہ ہوگی تو سواری کا حصول ہو سکتا ہے اور اگر ہے تو بہتر سواری مل سکتی ہے۔ گھر کے ماحول میں ایک مثبت قسم کی فضا چھائی رہے گی۔ مگر دوسری طرف چونکہ برج سرطان والے ساڑھ ستی سے گذر رہے ہیں تو مایوسی، افسردگی اور ڈپریشن جیسے حالات سے بھی دوچار ہو سکتے ہیں۔ سال کے دوسرے نصف حصے میں مالی معاملات پر بوجھ بڑھ جائے گا۔ محنت زیادہ اور آمدنی کم ہوگی۔ اس لیے آنے والے وقت کیلئے خود کو تیار کریں اور روپے کو بچانا شروع کر دیں۔

برج سرطان والوں کے لیے سال 2005 کی الواح:۔

مرتبے اور دنیا میں مقام اور عزت اور زندگی میں خوشیوں کے حصول اور اولاد کے حوالے سے ماہ مارچ میں آنے والے شرف مریخ میں لوح شرف مریخ تیار کروائیں۔ روپے پیسے کے حصول اور اور مالی معاملات میں آسودگی کے حوالے سے اور اعلیٰ مقام حاصل کرنے کے لیے شرف شمس کے وقت جو اپریل میں آرہا ہے لوح شرف شمس تیار کروائیں۔ گھریلو خوشی کے حوالے سے اور خواہشات کے با آسانی حصول میں اگر بہتری چاہتے ہیں تو مارچ میں ہونے والے شرف زہرہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے لوح شرف زہرہ بنوائیں اور اگر لکھنے بولنے کے حوالے سے اور زندگی میں نقصانات کے حوالے سے پریشان ہوں تو ستمبر میں ہونے والے شرف عطارد میں لوح شرف عطارد بنوائیں۔ یہ تمام الواح ادارے سے بنوائی جا سکتی ہیں۔

ماہ جنوری:۔

سال کا آغاز برج سرطان والوں کے لیے ذاتی حوالے سے کچھ بہتر ثابت نہ ہوگا۔ ساتھ چلنے والے لوگ زیادہ فائدہ حاصل کر لیں گے۔ اس ماہ میں معاملات کنٹرول میں نہ رہیں گے۔ سرطان افراد یہ محسوس کریں گے وہ لوگوں کے اشارے پر چل رہے ہیں۔ ملنے جلنے والے لوگ میٹھے انداز میں ملیں گے۔ سرطان افراد کی بہت ساری امیدیں اور خواہشیں دوسروں سے اور خاص طور پر صنف نازک سے وابستہ رہیں گی۔ ملنے جلنے والے اور ساتھ چلنے والے لوگ اچھے طبقے سے تعلق رکھتے ہوں گے اور ان سے مالی فوائد حاصل ہوں گے۔

سعد تاریخیں	31,21,16,3	نحس تاریخیں	26,18,6

ماہ فروری:۔

اس ماہ کے آغاز اور پہلے آدھے حصے میں محسوسات کچھ ویسے ہی ہوں گے کہ جیسے کہ ماہ جنوری میں محسوس کر رہے تھے۔ یعنی کہ اڑنے بھی نہ پائے تھے کہ پر کاٹ دیئے گئے۔ مگر جیسے ہی مہینے کے دوسرے آدھے حصے کا آغاز ہوگا سرطان افراد اپنے معاملات میں بہتری محسوس کرنا شروع کر دیں گے۔ کچھ صدقات و خیرات کی طرف دھیان بھی جائے گا۔ عملیاتی و روحانی مدد کے ساتھ اپنے مسائل سے نبرد آزما ہوں۔ مگر فراڈ اور جعلی پیروں سے ہوشیار رہیں وگرنہ نقصان کی ذمہ داری اپنی اپنی۔ اس مہینے کا اختتام مثبت انداز میں ہوگا۔ خاص بات وہ یہ کہ شریک کار اور مخالفین زور پکڑے ہوئے ہیں اور آپ کی اپنی ساکھ بھی ان کے ہی دم قدم سے ہے سو ان سے بگاڑیئے نہیں۔

سعد تاریخیں	17,12,4	نحس تاریخیں	22,15,2

ماہ مارچ:۔

اس ماہ کا آغاز خوشیوں کی نوید لے کر آئے گا۔ بند دروازے کھلنے شروع ہو جائیں گے۔ رکے ہوئے معاملات چل پڑیں گے۔ ہر کام رحمت خداوندی سے ہوتا چلا جائے گا۔ اس ماہ سسرالی رشتہ دار کافی اہمیت اختیار کر سکتے ہیں اور ان سے فوائد بھی حاصل ہو سکتے ہیں۔ بیرون ممالک رہنے والے افراد و رشتہ دار اچھی نوید لے کر آئیں گے۔ اس ماہ کے اختتام پر تمام تر

توجہ کا رخ سوشل پوزیشن کو برقرار رکھنے میں صرف ہونا شروع ہو جائے گی۔ مگر اپنے آپ کو افسردگی اور ڈپریشن سے باہر نکالیں اور آنے والے وقت کا سامنا کریں۔

سعد تاریخیں	26,12,4	نحس تاریخیں	22,14,1

ماہ اپریل:۔

اس ماہ کے آغاز میں اور پہلے دو عشرے سرطان افراد سے کام پر توجہ مانگیں گے۔ ان کا روزگار ان سے وقت طلب کرے گا۔ اگر انہوں نے اپنے روزگار کو اور اپنے کیریئر کو وہ وقت اور وہ توجہ دے دی جو کہ اس کی ضرورت ہے تو آنے والا وقت ان کی خواہشات کی تکمیل کے حوالے سے کافی اہم ہے۔ آخری عشرے سے خواہشات کی تکمیل شروع ہو جائے گی اور یوں لگے گا جیسے جو چاہ رہے ہوں وہ پورا ہو رہا ہو۔ تمام معاملات بڑے باوقار انداز میں پورے ہوں گے۔ روپے پیسے کے حصول سے متعلقہ خواہشات بھی پوری ہوگی۔ غرضیکہ بہت عرصے بعد اچھا وقت آیا ہے۔ اپنے گرد چھائے مایوسی کے بادل ہٹا کر زندگی کو زندہ دلی سے جئیں۔

سعد تاریخیں	27,13,8	نحس تاریخیں	25,18,11

ماہ مئی:۔

اس ماہ کی خاص بات اخراجات اور پریشانیاں اپنے عروج پر رہیں گی۔ زیادہ تر اخراجات فضول خرچی کے زمرے میں آئیں گے۔ بچوں کے ساتھ سیر و تفریح کے مقام پر بھی جا سکتے ہیں۔ سرطان افراد کی بنیادی معاملات میں ترقی کا دارومدار روحانی اور اللہ تعالیٰ کی مدد پر ہوگا۔ ایسے ایسے موقعوں پر مدد ملے گی کہ حیران رہ جائیں گے۔ ایسے سرطان افراد جو اعلیٰ تعلیم کے حصول جیسے معاملات دیکھ رہے ہیں ان کے لیے معاملات بہتر انداز میں چلیں گے۔ مگر جیسے جیسے مہینے کا اختتام قریب آتا جائے گا اخراجات پر دباؤ بڑھتا جائے گا۔

سعد تاریخیں	25,20,6	نحس تاریخیں	15,8

ماہ جون:۔

اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ معاملات کے دباؤ کی وجہ سے کسی مشکل کا شکار ہو سکتے ہیں۔ صحت کے معاملات بھی اچانک گڑبڑ کر سکتے ہیں۔ اس ماہ کا پہلا عشرہ ملا جلا رہے گا۔ کچھ آسانیاں کچھ مشکلات۔ اس ماہ کے دوسرے عشرے میں افسران بالا اور معاشرے کے سرکردہ لوگ تعاون و رہنمائی کریں گے۔ کاروباری اور سوشل مصروفیات بڑھیں گی۔ اگر ان مصروفیات اور ذمہ داریوں کو صحیح انداز میں نبھایا گیا تو سرطان افراد کی کارکردگی کو سراہا جائے گا اور اپنے عزت وقار میں اضافے کو محسوس کریں گے۔ اس ماہ میں خاصا سکون میسر آئے گا۔

سعد تاریخیں	29,17,7,2	نحس تاریخیں	19,12,4

ماہ جولائی:۔

اس ماہ مالی معاملات خاص اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ سرطان افراد کے لیے مال و دولت کے حصول کے مواقع زیادہ آسان ہو جائیں گے۔ لوگوں کو دی ہوئی رقوم واپس ملیں گی۔ اس وقت کو غنیمت جانیں اور اپنے معاملات کو اچھے انداز میں طے کریں۔ کیونکہ آنے والا وقت پریشانیوں کو لے کر آ رہا ہے۔ کام کے معاملے میں ڈپریشن کا مظاہرہ کرنے سے جو کمی یا کوتاہی رہ گئی تھی اب اس کے نتائج سامنے آنے کا وقت آ گیا ہے۔ اس ماہ کی 16 تاریخ کو زحل آپ کے خانہ مال میں داخل

ہو رہا ہے اور یہاں وہ مالی مسائل کا شکار کر سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	26,14,4	نحس تاریخیں	29,16,9,2

ماہ اگست:۔

اب کڑا وقت آ گیا ہے۔ مالی معاملات میں تنگی و ترشی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس لیے محنت سے نہ گھبرائیں بلکہ جی جان سے محنت کریں اس کا پھل ملے گا۔ دوستوں اور بچوں سے لگائی گئی امیدیں پوری ہونے کا وقت آ گیا ہے۔ اپنے دوستوں کی مدد سے اپنے معاملات حل کریں۔ باقی دوست وہ جو مصیبت میں کام آئے۔ معاشرے کے سرکردہ اور بڑے صاحب حیثیت لوگ بھی مددگار اور ممد و معاون ثابت ہوں گے۔ اس ماہ کے وسط سے گھریلو ماحول میں ایک سکون سا آ جائے گا اور معاملات خوش اسلوبی سے حل ہوں گے۔

سعد تاریخیں	23,15,10	نحس تاریخیں	25,12,5

ماہ ستمبر:۔

اس ماہ میں گھریلو امور اور ان سے متعلقہ ذمہ داریاں زیادہ تر گھیرے میں لے رکھیں گی۔ مگر ان ذمہ داریوں کو ضرور نبھائیں مگر اپنے کام سے صرف نظر نہ کریں ورنہ مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ گھریلو امور میں گھر کی ڈیکوریشن وغیرہ تبدیل کرنے کا خیال سامنے آ سکتا ہے۔ [illegible] بہن بھائیوں اور رشتہ داروں کا تعاون شامل حال رہے گا۔ ان سے وابستہ توقعات پوری ہو سکیں گی اور وہ کاموں میں ممد و معاون ثابت ہوں گے۔ مختصر دورانیے کے فائدے سے بھرپور سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	19,11,6	نحس تاریخیں	29,21,9,1

ماہ اکتوبر:۔

اس ماہ میں توجہ زیادہ تر آرام، بچوں اور دوستوں کے ساتھ وقت گذارنے پر ہو گی۔ بات تو صحیح ہے کہ زندگی میں صرف کام ہی نہیں آرام بھی ضروری ہے۔ ورنہ زندگی مشینی ہو جاتی ہے۔ کچھ وقت دوستوں کے ساتھ گذاریں۔ بچوں کو بھی وقت دیں اور اپنے آپ کو کچھ عرصہ تک کے لیے پرسکون رکھیں۔ کیونکہ آنے والے وقت میں کام کا دباؤ بڑھے گا اور جسمانی محنت بھی کرنا پڑ سکتی ہے سو اس وقت کو دھیان سے گذاریں۔ اس ماہ کی ایک خاص بات مشتری کا برج تبدیل کرنا ہے جو بہت سارے معاملات میں تبدیلی کو لے کر آ سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	21,17,4	نحس تاریخیں	26,19,6

ماہ نومبر:۔

ساتھ چلنے والے لوگ اچھے اخلاق سے پیش آئیں گے۔ سرطان افراد کی بات سنی جائے گی۔ کچھ اہم ذمہ داریوں اور کام سونپے جا سکتے ہیں۔ ان ذمہ داریوں اور کام کو حتی الامکان کوشش کر کے پورا کرنے کی کوشش کریں۔ صحت کے امور پر بھی توجہ دیں۔ خواہشات کے حصول کے لیے کوششیں شدت اختیار کر جائیں گی۔ ساری دنیا پر تو غلبہ حاصل نہیں کیا جا سکتا نہ۔ اس لیے اپنی خواہشات کو کسی حد کے اندر رکھیں۔ ٹھیک ہے کہ لوگ آپ کی مدد کرنے کو تیار ہیں مگر اس چیز کو ناجائز استعمال نہ کریں ورنہ نقصان اٹھا سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	27,13,4	نحس تاریخیں	30,22,15,2

ماہ دسمبر:۔

اس سال کا اختتام کچھ اچھی طرح نہیں ہو رہا ہے۔ بہت سارے معاملات ہاتھ میں نہیں ہوں گے اور ان کو ہاتھ میں لینے کی کوشش بھی کچھ خاص بار آور ثابت نہ ہوگی۔ مقابل آنے والے لوگ زور پکڑیں گے اور صاحب حیثیت ہوں گے۔ اس وقت صرف یہ کوشش کریں۔ کہ جو ذمہ داریاں سونپی جا رہی ہیں ان کو خوش اسلوبی سے اور بہتر انداز میں پورا کریں۔ کسی نئی سکیم میں ہاتھ ڈالنے کی کوشش نقصان سے دوچار کر سکتی ہے۔ لین دین کے معاملات میں آسانی رہے گی۔ مگر اس ماہ کے اختتام پر تو کوئی رقم کسی کے حوالے نہ کریں ورگرنہ نقصان ہو سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	25,10,2	نحس تاریخیں	27,20,12

سالانہ عمومی حالت:۔

سال 2005 کی ابتدا کچھ ملے جلے رجحان کے ساتھ آ رہی ہے۔ اخراجات پر دباؤ بدستور رہے گا اور آمدنی کے معاملے میں جو آسانی میسر تھی وہ اب ختم ہو چکی ہے۔ سال کے پہلے آدھے حصے میں تو اخراجات پر دباؤ اور قرض وغیرہ کی صورت بن سکتی ہے مگر سال کے دوسرے آدھے حصے میں زحل طالع میں بیٹھ کر شخصیت کو افسردگی اور ڈپریشن کا زنگ لگا سکتا ہے۔ طبیعت میں ضد کا عنصر بڑھ سکتا ہے جس سے معاملات میں خرابی پیدا ہو سکتی ہے۔ ہاں اپنے قرب وجوار اور قریبی شہروں کی طرف رجوع کرنے سے کچھ آسانیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔ چھوٹے بہن بھائی اور قریبی رشتہ دار فائدے کا باعث بن سکتے ہیں۔ ان کی مدد حاصل کریں۔ مختصر دورانیے کے سفر سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔

اسد افراد کے لیے سال 2005 کی الواح:۔

مارچ میں ہونے والے شرف زہرہ کے موقع پر اپنے سماجی وقار، پوزیشن اور اپنے قرب وجوار میں عزت کو بحال رکھنے کے لیے لوحِ شرف زہرہ بنوائیں۔ عرصہ دو سال بعد مریخ حالت شرف میں آ رہا ہے۔ اپنی گھریلو زندگی، سواری، جائیداد اور خوش قسمتی جیسے معاملات کو بہتر کرنے کے لیے لوح شرف مریخ بنوائیں۔ اپریل میں ہونے والے شرف شمس میں لوحِ شرف شمس بنوا کر اپنی شخصیت کے گراف کو بلند کریں اور خواہشات کے آسان اور عمدہ حصول اور مال

و دولت میں بڑھوتری کے لیے ستمبر میں ہونے والے شرف عطارد سے فائدہ اٹھائیں اور لوحِ شرف عطارد بنوائیں۔ ان تمام خدمات کے لیے ادارے سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔

ماہ جنوری:.

صحت جیسے امور سے لاپرواہی باعث نقصان ہو سکتی ہے۔ اپنے ساتھ کام کرنے والے لوگوں سے توقعات وابستہ کریں گے۔ اس ماہ میں جہاں کام کی زیادتی اور ایسے امور تنگ کر سکتے ہیں وہاں دوسروں پر انحصار بھی بڑھ جائے گا۔ مگر جس وقت سے آپ گزر رہے ہیں اس وقت دوسروں پر انحصار کسی فائدے کا باعث نہیں ہو سکتا۔ البتہ دوسرے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کام کریں گے تو پیسہ ملے گا وگرنہ نہیں۔ اب وہ آسانیاں نہیں رہیں جو کہ پہلے آپ کو میسر تھیں سو محنت کریں اور جی جان لگا کر کریں۔ پھل ملے گا۔

سعد تاریخیں	29,18,13,4	نحس تاریخیں	24,15,2

ماہ فروری:.

یہ مہینہ آپ کو ایسا لگے گا کہ جیسے کسی نے آپ کو باندھ دیا ہو۔ نہ جانتے ہوئے بھی اسد افراد دوسروں کے لیے کام کرنے پر مجبور ہوں گے اور ان کو فائدہ پہنچانے کا باعث ہوں گے۔ تو کیوں نہ ایسا انداز اختیار کیا جائے کہ دوسروں کو تو جو فائدہ پہنچنا ہے وہ تو پہنچے مگر کچھ فائدہ آپ کو بھی مل جائے۔ لیکن [illegible] کے معاملات میں 16 فروری کے بعد خاص احتیاط کریں اور کوئی بھی لین دین بغیر لکھا پڑھی کے نہ کریں۔ وگرنہ نقصان ہو سکتا ہے۔ رقم پھنس سکتی ہے۔

سعد تاریخیں	28,17,12,3	نحس تاریخیں	23,15,1

ماہ مارچ:.

اس مہینے سے بندشیں کھلنا شروع ہو جائیں گی۔ خواہشات کا حصول آسان ہو جائے گا۔ مگر ابھی بھی احتیاط کی ضرورت ہے اگر جلد بازی کی تو معاملات بگڑ بھی سکتے ہیں۔ گھر یا خاندان کا کوئی فرد مقابل بھی آ سکتا ہے اور ساتھ مل کر کام کرنے کی آفر کر سکتا ہے مگر ایسا کوئی بھی کام کرنے سے پہلے کئی دفعہ سوچ لیں ورنہ معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ لوگوں کے ساتھ تلخ و ترش رویہ رکھنے سے پرہیز کریں۔ اس ماہ کے اختتام تک معاملات کافی حد تک قابو میں اور حسب منشا چلنے شروع ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	20,15,5	نحس تاریخیں	25,17,3

ماہ اپریل:.

اب معاملات چونکہ کافی حد تک قابو میں آ چکے ہیں اس لیے افسردگی کے ماحول سے باہر آئیں اور جو ٹھنڈے جھونکے آپ کے لیے قدرت نے رکھے ہیں ان سے لطف اندوز ہوں۔ رہی بات کامیابی یا ناکامی کی تو وہ تو اللہ کے ہاتھ میں ہیں۔ اسد افراد اگر اس وقت پورے زور و شور سے میدان عمل میں اتر آئیں تو بہت حد تک یقین ہے کہ وہ اپنا کھویا ہوا اعتماد بھی بحال ہوتا ہوا محسوس کریں گے اور ان کے بگڑے کام بھی بننے لگ جائیں گے۔ اس ماہ کے آخری عشرے میں آپ خود بھی اپنے عزت وقار کے حوالے سے کافی بہتر انداز میں سوچنا شروع کر دیں گے۔

سعد تاریخیں	29,20,14,4	نحس تاریخیں	25,17,2

ماہ مئی:.

اس مہینے اچانک کوئی ایسا مسئلہ جو خاندان سے یا گھریلو ماحول سے تعلق رکھتا ہو سامنے آ سکتا ہے اور پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ مگر کوشش کریں کہ اس مسئلے کا اثر کام کے اوپر زیادہ نہ پڑے وگرنہ وہ مسئلہ تو اپنی جگہ کام سے لاپرواہی اور بے توجہی کی وجہ سے بھی نئے مسائل کھڑے ہو سکتے ہیں۔ مگر یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ وقت موافق ہے اور آپ ان پیش آنے والے مسائل سے با آسانی نبرد آزما ہو جائیں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں کا تعاون اور مدد شامل حال رہے گی مگر ان پر بھی ضرورت سے زیادہ انحصار نہ کریں۔ وگرنہ معاملہ بگڑ سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	29,20,14,4	نحس تاریخیں	25,17,2

ماہ جون:.

برج اسد سے تعلق رکھنے والے اپنے آپ کو اخراجات کے لیے تیار کرلیں کیونکہ اخراجات منہ کھولے کھڑے ہیں۔ ایک تو برج اسد سے تعلق رکھنے والے اصحاب ویسے ہی نمود و نمائش سے بعض نہیں آتے اور ان کا ہاتھ بہت کھلا ہوتا ہے۔ طبیعت میں بادشاہی بھی ہوتی ہے تو اب جہاں اخراجات یا خرچ کا سوال آیا تو یہ لوگ پیچھے ہٹنے والے نہیں ہیں۔ مگر احتیاط کریں کیونکہ اس عرصے میں آپ جو کچھ کما رہے ہیں وہ بہت محنت کی کمائی ہے۔ اس لیے اخراجات کو کنٹرول کرنے کی کوشش کریں وگرنہ پھر نہ کہنا کہ خبر نہ ہوئی۔

سعد تاریخیں	19,14,3	نحس تاریخیں	23,17

ماہ جولائی:.

اس مہینے میں آپ کو پچھلے مہینے کے اخراجات یاد آئیں گے۔ اگر قرض پر کام چلا رہے تھے قرض دینے والے قرض کا تقاضا شروع کر دیں گے۔ مگر چونکہ آپ اسد ہیں تو یہ کام اگلوں کے لیے بھی اتنا آسان نہیں ہوگا کہ وہ آپ کے منہ در منہ ہوں۔ اس مہینے میں اپنے عزت وقار کو بحال رکھنے میں کافی مدد ملے گی۔ کہیں سے کچھ روپے پیسے کے حصول کے لیے بھی کی گئی کوششیں کچھ کامیاب ہو سکتی ہیں۔ فضول خرچی اور دروغ گوئی سے باز رہیں وگرنہ مسائل کھڑے ہو سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	28,19,14,3	نحس تاریخیں	31,23,17

ماہ اگست:.

روپے پیسے کے حصول کے لیے کی گئی کوششیں کامیاب ہوں گی۔ یاد رہے کہ جو کام بھی کریں وہ سوچ سمجھ کر اور دھیان سے۔ اور جس کام کو بھی شروع کریں جلد از جلد نتائج کے حصول کے لیے پرواہ نہ کریں۔ جو وقت لگتا ہے اس کو لگائیں۔ وگرنہ نقصان پہنچ سکتا ہے۔ دوست احباب اور ملنے جلنے والے لوگ بھی اس موقع پر بہت فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ عملیاتی اور روحانی مدد بھی حاصل کریں اس سے بھی دیرینہ نتائج برآمد ہوں گے۔

سعد تاریخیں	27,18,2	نحس تاریخیں	30,22,16

ماہ ستمبر:.

اس ماہ زیادہ تر توجہ گھریلو امور کی طرف رہے گی اور گھریلو معاملات زیادہ توجہ اپنی طرف کھینچیں گے۔ اس لیے بہتر ہوگا کہ ان معاملات کو بھی دھیان سے ڈیل کریں۔ چھوٹے بہن بھائی بہت سارے معاملات میں اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ کسی قریبی شہر کے سفر سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ اپنی طبیعت کی افسردگی اور ضدی پن پر قابو پائیں یہ کافی

اچھا رہے گا۔ اس ماہ میں بھی روپے پیسے سے متعلقہ امور کافی اہمیت اختیار کریں گے اور مالی فوائد حاصل ہوں گے۔

سعد تاریخیں	26,16,12,2	نحس تاریخیں	29,21,14

ماہ اکتوبر:۔

خواہشات پوری ہونے کا زیادہ تر انحصار خاندان کے افراد کے اوپر ہوگا۔ والدین خصوصاً والدہ بھی اس ضمن میں مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔ کسی جائیداد کی خرید و فروخت سے بھی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ کاروباری اور سوشل پوزیشن میں اضافے کے لیے دوست احباب مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ بہت عرصے کے بعد مشتری اس ماہ برج عقرب میں داخل ہو رہا ہے۔ بس اس کے کچھ اثرات تو آپ محسوس کرنا شروع کر دیں گے اور باقی کے آئندہ آنے والے مہینوں میں ہونا شروع ہوں گے۔ اچھی سواری خریدنے یا تبدیل کرنے کی خواہش بڑھ سکتی ہے۔

سعد تاریخیں	26,16,12,7	نحس تاریخیں	29,21,14

ماہ نومبر:۔

صحت کے معاملے میں لاپرواہی اختیار کرنا معاملات میں کسی قسم کے مسائل کی نشاندہی کرتا ہے۔ دوستوں یاروں کی محفلوں میں بیٹھنا پسند کریں گے۔ بچوں کی محفل سے بھی لطف اندوز ہوں گے۔ گھر کے افراد کے ساتھ کچھ وقت گزاریں کیونکہ باہر کی مصروفیات میں مصروف ہو کر ان کا جو وقت کم کر دیا تھا اب ان کو دیں اور ان کی ناراضگیوں کو کم کریں۔ اس سے بہت سارا سکون اور راحت ملے گی۔

سعد تاریخیں	25,15,10,1	نحس تاریخیں	28,20,12

ماہ دسمبر:۔

اس ماہ کے پہلے نصف حصے میں صحت کے مسائل سے لاپرواہی برقرار رہے گی۔ بہت عرصے کے بعد سوشل مصروفیات اور باہر کی مصروفیات [illegible] کے اختتام پر کام کا بوجھ بڑھ جائے گا۔ کچھ ایسی مصروفیات بھی سامنے آئیں گی جو کہ آپ کے لیے بہت ضروری ہوں گی اور ان کاموں کو کرنے سے عزت کا گراف بلند ہوگا۔ مگر اس بات کو دھیان میں رکھیں کہ سارے معاملات میں اپنی صحت کا خیال رکھیں ورنہ طبیعت میں خرابی ہو سکتی ہے۔ اور سارے معاملات ہاتھ سے نکل سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	28,23,13,9	نحس تاریخیں	26,18,11

سنبلہ افراد کے لیے خوش قسمتی کے پتھر:۔

پنا، پکھراج، ہیرا

سنبلہ افراد کے لیے خوش قسمتی کے دن:۔

بدھ، جمعہ، جمعرات

سنبلہ افراد کے لیے خوش قسمتی کے اعداد:۔

3,6,5

سنبلہ افراد کے لیے خوش قسمتی کے رنگ:۔

سبز، پیلا، سفید

سالانہ عمومی حالت:۔

یہ سارا سال مالی حوالے سے کافی خوشگوار رہے گا۔ آمدنی کا گراف بلند اور بہتر ہوگا۔ لیکن جہاں آمدنی بہتر ہوگی وہاں خرچوں کا گراف بھی بڑھ سکتا ہے۔ اس لیے یہ بہت حد تک ممکن ہے کہ سال کے اختتام پر آپ یہ کہتے ہوئے نظر آئیں کہ کمایا تو بہت تھا لیکن گیا کہاں۔ دوسرے سال کے پہلے آدھے حصے میں تو خواہشات جو بڑے پیمانے کی ہیں وہ تو پوری ہونے کی بہت حد تک امید ہے مگر ان خواہشات کی تکمیل کے لیے محنت بھی اسی پیمانے کی کرنا پڑے گی۔ مگر سال کے دوسرے آدھے حصے میں بہت حد تک ممکن ہے کہ اپنی خواہشات کی تکمیل کے لیے سنبلہ افراد اپنے اخراجات اور مسائل کے گراف کو اتنا اونچا لے کر چلے جائیں کہ ان کے لیے بعد میں ان مسائل کو سنبھالنا مشکل ہو جائے۔

سنبلہ افراد کے لیے سال 2005 کی الواح:۔

مارچ کے مہینے میں شرف زہرہ کے موقع پر مالی معاملات کی بہتری، اعلیٰ تعلیم کے حصول اور بیرون ملک سفر کرنے کے حوالے سے شرف زہرہ کا لوح بنوائیں۔ ستمبر میں ہونے والے شرف عطارد کے موقع کو بھی ہاتھ سے نکل نہ جانے دیں کیونکہ ذاتی حوالے سے اور معاشرے میں عزت وقار کی بحالی اور بلندی کے لیے لوحِ شرف عطارد کا پاس ہونا بہت ضروری ہے۔ اگر اخراجات اور قرضے کے مسائل میں گھرے ہوئے ہیں تو لوحِ شرف شمس کا ہونا بہت ضروری ہے۔ ان تمام الواح کی تیاری کے لیے ادارے سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

ماہ جنوری:۔

اس سال کا آغاز سنبلہ افراد کے لیے کافی سکون لے کر آرہا ہے۔ بچوں سے متعلقہ امور کافی اہم ہو جائیں گے۔ دوستوں یاروں کی محفل میں بیٹھنا اچھا لگے گا۔ اچھے اور محبت کرنے والے لوگ حلقہ احباب میں آئیں گے۔ ذہنی پریشانیوں کو کچھ عرصہ کے لیے اپنے ذہن سے دور کریں اور ذہن کو آرام دیں تاکہ آنے والے وقت کی مشکلات کے لیے خود کو تیار کر سکیں۔ گھر کا ماحول کچھ کچھا کچھا اور تناؤ کا شکار رہ سکتا ہے۔ اس لیے گھر کے ماحول کو زیادہ ٹھیک کرنے کی کوشش کچھ کامیاب ثابت نہیں ہوں گی۔ اس لیے گھریلو معاملات کو جہاں ہے جیسا ہے کی بنیاد پر چلنے دیں۔

سعد تاریخیں	23,18,9,5	نحس تاریخیں	28,20,13

ماہ فروری:۔

اس ماہ کے آغاز سے کام کا بوجھ بڑھ جائے گا۔ جسمانی مشقت بڑھ سکتی ہے۔ مختلف کاموں کو کرنے کے لیے دوڑ دھوپ کرنی پڑ سکتی ہے۔ وہ آرام و سکون جو پچھلے ماہ اپنے آپ کو دیا تھا اس کی وجہ سے اپنے کاموں کو بہتر انداز میں کر سکیں گے۔ دوسروں کا رویہ سنبلہ افراد کے لیے خوشیوں کا باعث ہو سکتا ہے۔ شریک حیات کے اخراجات بڑھ سکتے ہیں۔ اگر کسی مشترکہ کام میں ہیں تو اس کے اخراجات پر دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ اس لیے مختلف قسم کے دباؤ کے لیے اپنے آپ کو تیار رکھیں اور اپنے معاملات کو حل کریں۔

سعد تاریخیں	19,14,1	نحس تاریخیں	24,16,4

ماہ مارچ:۔

اس مہینے ساتھ چلنے والے لوگ بہت محبت سے پیش آئیں گے اور ان سے متعلقہ کام بھی محبت سے نکلوائے جا سکتے ہیں مگر اس مہینے کی خاص بات سنبلہ افراد کا اپنے آپ کو آہستہ آہستہ بند گلی میں محسوس کرنا ہے۔ سارے اخراجات دوسروں پر ہوں گے اور سنبلہ افراد کا رجحان دوسرے لوگوں کی طرف ہوگا۔ اس ماہ کے آخر میں زیادہ معاملات دوسروں کے ہاتھ میں رہیں گے۔ بس صرف معاملات کو دھیان سے حل کریں ورنہ مسائل میں ناگزیر اضافہ ہو سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	28,18,5,1	نحس تاریخیں	30,23,16,3

ماہ اپریل:۔

اس ماہ کے پہلے عشرے میں بھی سنبلہ افراد اپنے آپ کو محبوس حالت میں سمجھیں گے اور ان کے معاملات بجائے ان کے کنٹرول میں ہونے کے دوسروں کے کنٹرول میں ہوں گے۔ مگر اپریل کے نصف سے کچھ آسانیاں میسر آنا شروع ہو جائیں گی مالی معاملات پر دباؤ کافی حد تک کم ہو جائے گا۔ ایسا لگے گا کہ جیسے کوئی غیبی مدد مل گئی ہے۔ کچھ صدقہ و خیرات کی طرف بھی دھیان جائے گا اور ایسا کرنے سے بھی اور بہتری آئے گی۔ سسرالی رشتہ داروں سے فوائد مل سکتے ہیں مگر ایک بات اور وہ یہ کہ ان تمام باتوں کے باوجود سنبلہ افراد طبیعت میں ایک فرحت بخش تازگی محسوس نہیں کریں گے۔

سعد تاریخیں	25,15,10,1	نحس تاریخیں	27,20,12

ماہ مئی:۔

اس مہینے میں معاملات اور ماحول ملا جلا رہے گا۔ اس ماہ کی سب سے بڑی خوشی آئند بات سنبلہ افراد کا خود کو بہتر سمجھنا ہے اور اپنے تمام معاملات سے سینہ سپر ہو کر مقابلہ کرنا ہے۔ اس ماہ کے وسط تک تمام ڈوبے ہوئے معاملات باہر نکل آئیں گے اور اس مہینے کے دوسرے نصف حصے میں کامیابیاں ملنا شروع ہو جائیں گی۔ کاروباری معاملات ہوں یا نوکری ہر دو قسم کی صورتحال میں بہتری اور بھلائی کی امید کی جا سکتی ہے۔ افسران بالا اور صاحب اختیار لوگوں کا رویہ مثبت اور بہتر رہے گا۔ ترقی ہونے کے امکانات بھی ہیں۔ غرضیکہ ایسا لگنا شروع ہو جائے گا جیسے ساری دنیا ہاتھ میں ہے۔

سعد تاریخیں	26,22,12,7	نحس تاریخیں	24,17,10

ماہ جون:۔

یہ ماہ آپ کی زندگی کا خوشگوار اور بہترین ماہ ہوگا۔ اس ماہ میں خواہشات یوں پوری ہوں گی کہ جیسے جھولی میں پکا ہوا پھل گرتا ہے۔ خاص طور پر اس ماہ کی 11 تاریخ سے لے کر 28 تاریخ تک کا وقت بہت خوشگوار اور خوش آئند ہے۔ کاروباری معاملات ہوں یا نوکری دونوں صورتوں میں کسی بڑھوتری اور پروموشن کا امکان بھی ہے۔ اضافی رقم بھی ہاتھ لگ سکتی ہے۔ مگر

اس ماہ جو کامیابیاں ملیں ان کو ضرور آگے بڑھ کر تھام لیں مگر ان کے نشے میں اتنا چور نہ ہو جائیں کہ آگے آنے والے کڑے وقت کو بھول جائیں۔

سعد تاریخیں	23,18,9,4	نحس تاریخیں	21,14,6

ماہ جولائی:.

ایک طویل عرصے کی کامیابیوں اور کامرانیوں کا دور اب ختم ہونے کو ہے۔اس ماہ کی نصف کے بعد سنبلہ افراد کی ساڑھ ستی کا آغاز ہو رہا ہے۔اس لیے اب اپنے ہر قدم کو پھونک کر اور سنبھال کر رکھیں۔اس کے علاوہ سالانہ دور میں بھی معاملات کچھ دیر کے لیے قابو سے باہر ہو سکتے ہیں۔اخراجات کا دباؤ بڑھ جائے گا۔خاص طور پر نوکری پیشہ افراد کے لیے یہ وقت کڑا ثابت ہو سکتا ہے۔اس لیے اپنے پیشہ وارنہ امور کی انجام دہی میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتیں وگرنہ کسی مسئلے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	28,20,16,1	نحس تاریخیں	31,18,11,3

ماہ اگست:.

اس مہینے کے آغاز سے کچھ سکون تو میسر آئے گا مگر وہ سکون عارضی ہوگا اور ایسا سکون ہوگا جو کہ تساہل کا شکار کرے گا۔اپنی طبیعت اور مزاج پر کنٹرول کرنا سنبلہ افراد کے لیے زیادہ آسان نہ ہوگا۔طبیعت آوارگی اور بے چینی کی طرف مبذول رہے گی۔اور اخراجات پر کنٹرول کرنا اس وجہ سے مشکل ہوگا کہ سنبلہ افراد خود اس بات کو کنٹرول کرنا نہیں چاہیں گے۔کسی قسم کے فیصلے میں جانے سے گریز کریں۔اگر خود کوئی فیصلہ لینا پڑے تو بہت محتاط ہو کر لیں۔کسی مسئلے کا شکار ہو سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	29,16,12,2	نحس تاریخیں	27,14,7

ماہ ستمبر:.

اس ماہ کی 4 تاریخ سے سنبلہ افراد یہ محسوس کرنا شروع کر دیں گے کہ جیسے وہ کچھ ہیں۔زندگی ان کے لیے بھی ہے۔ پچھلے ماہ روپے پیسے کے حصول میں جو آسانی محسوس ہو رہی تھی اب وہ [illegible] کر رہے ہیں۔ اس ماہ کے آخر میں [illegible] طبیعت روپے پیسے کے حصول کی طرف مائل رہے گی۔اور گفتگو کے زور پر روپے پیسے کمانے کا انحصار ہوگا۔اخراجات کی زیادتی جائے گی۔کسی مختصر دورانیے کے سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے جو کہ اتنا زیادہ نفع بخش نہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	25,21,8	نحس تاریخیں	30,8,10,3

ماہ اکتوبر:.

اس ماہ زیادہ تر توجہ رشتہ دار اور ان کے معاملات پر رہے گی۔سنبلہ افراد اپنی گفتگو سے میدان مار سکتے ہیں اور خاص طور پر چھوٹے بہن بھائی میں بہت سارے معاملات کے حل میں مدد دے سکتے ہیں۔کسی طرف سے اچھی خبر بھی سننے کو مل سکتی ہے مگر والدہ کی طبیعت کی طرف دھیان دیں ان کی صحت خراب ہو سکتی ہے۔

سعد تاریخیں	23,18,10,5	نحس تاریخیں	28,20,8

ماہ نومبر:.

سنبلہ افراد خاص طور پر اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے کوشش کرنے والے لوگ اس بات کا خیال رکھیں کہ ان کی یہ

کوششیں اس ماہ بڑھ جائیں گی اور بہت حد تک امید ہے کہ ان کے بہت سارے معاملات حل ہونے لگ جائیں۔ مگر محنت کافی کرنا پڑے گی۔ گھر کا ماحول بھی کافی بہتر رہے گا اور اس میں بہتری کی وجہ سے کافی سکون بھی ملے گا اور دوستوں یاروں کے ساتھ اُٹھنے بیٹھنے کا موقع بھی مل سکتا ہے۔ بڑی عمر کے سنبلہ افراد بچوں کو وقت دیں گے اور ایسا کرنے سے ان کے اور بچوں کے درمیان دوریاں کم ہوں گی۔

سعد تاریخیں	19,14,6,2	نحس تاریخیں	24,17,4

ماہ دسمبر:۔

اس ماہ میں سنبلہ افراد کے لیے خوشیاں اور راحتیں لکھی ہیں۔ سوائے ان سنبلہ بچوں کو جو ڈگری کلاسوں میں یا اس سے بھی اوپر کی پڑھائی کر رہے ہیں۔ ان کی اس تعلیمی کاوش میں رکاوٹ پڑ سکتی ہے۔ خاص طور پر سنبلہ شادی شدہ لوگ سسرالی رشتہ داروں کی طرف سے کافی تنگی کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اور یہ تنگی 10 تاریخ کے بعد کچھ کم ہو جائے گی۔ صحت کی طرف سے لاپرواہی برتی جا سکتی ہے اور چٹ پٹے کھانوں کی وجہ سے معاملات صحت پر کافی حرف آ سکتا ہے۔ ویسے اس سال کا اختتام زیادہ مسائل لے کر نہیں آ رہا ہے۔

سعد تاریخیں	31,26,16,12,9	نحس تاریخیں	29,21,14,1

سالانہ عمومی حالت:۔

برج میزان والوں کے لئے سال 2005 خوش قسمت سالوں میں سے ایک سال ہے۔ بہت عرصے کے بعد مشتری اس برج میں آیا ہے۔ طالع میں ہونے کی وجہ سے بہت سارے مثبت اثرات دے گا۔ آس پاس والوں میں ایک نمایاں اور مثبت مقام دے گا۔ جو وقت میزان افراد اپنے کیریئر کو بنانے کے لئے دے رہے ہیں وہ وقت ان کو بہت فائدہ دے گا۔ اپنے کاروبار اور روزگار کو ترقی دینے کی کوشش بہت اچھی رہے گی۔ سال کے دوسرے نصف حصے میں پرانی خواہشات کے پورا ہونے کا وقت آ گیا ہے اور ان کا پھل پانے کا وقت بھی آ گیا ہے۔

سال 2005 کے لیے برج میزان والوں کے لئے الواح:

اس سال مارچ میں ہونے والی مریخ کے شرف سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے مالی معاملات کو مستحکم اور ساتھ چلنے والے لوگوں سے اچھا تعاون حاصل کرنے کے لیے لوح شریف مریخ بنوائیں۔ لوگوں میں مقبولیت اور ذاتی ترقی کے لیے شرف زہرہ کے موقع پر لوح شرف زہرہ بنوائیں۔ خواہشات کے حصول کے لئے اور ان سے متعلقہ مسائل کے لیے اپریل میں ہونے والے شرف شمس سے فائدہ اٹھا کر لوحِ شرفِ شمس بنوائیں۔ ان تمام الواح کی تیاری کے لیے ادارے سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

ماہ جنوری :

اس ماہ کے آغاز اور اس سال کے آغاز میں توجہ کا زیادہ تر باعث گھر، جائیداد، والدہ اور سواری کے حصول جیسے معاملات سے ہوگا۔ گھر کا ماحول بہت پر سکون رہے گا۔ میزان افراد بھی گھر کے معاملات و ماحول پر توجہ دیں گے۔ اس ماہ کے آخری عشرے میں بچوں کی دوستوں سے کافی خواہشیں اور امیدیں لگائیں گے۔ کافی حد تک پوری ہونے کا امکان ہے مگر اس سارے معاملات میں اپنے گفتگو کے انداز کو زیادہ جارحانہ نہ بنائیں وگرنہ ترشی و تلخی پیدا ہوسکتی ہے۔

سعد تاریخیں	27,17,12,4	نحس تاریخیں	29,22,14,2

ماہ فروری :

اس مہینے دوستوں کے ساتھ چہلیں کرنے کا [illegible] رہے گا۔ گھر والے اور خاندان والے اس ماہ خاص طاقت پکڑلیں گے۔ شریک حیات بھی ان کا ساتھ دے گا۔ مگر کوئی بات نہیں خاندان اور گھر والوں نے جو زور پکڑا ہے وہ کوئی آپ کے خلاف نہیں بلکہ حق میں اور موافقت میں ہوگا۔ یہ سارا میزان افراد کا آرام کرنے کا اور آرام سے کام کرنے کا ہوگا۔ نہ زبردستی کریں گے اور نہ زبردستی نہیں گے۔ بچوں کے معاملات بھی اس ماہ توجہ کا مرکز ہوں گے۔

سعد تاریخیں	23,13,9,1	نحس تاریخیں	25,18,11

ماہ مارچ:

اس مہینے میں زیادہ تر توجہ [illegible] ہوگی۔ اور [illegible] زیادہ کرنا پڑے گی۔ صحت کے مسائل جیسے معاملات سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ نوکری پیشہ میزان افراد کے نوکری کے معاملات میں کچھ رکاوٹیں آسکتی ہے اور بعض رکاوٹوں کے باعث وہ خوش ہوں گے۔ اس ماہ کی 20 تاریخ سے میزان افراد کی رومانوی زندگی اچانک زور پکڑ سکتی ہے اور کچھ رومانوی معاملات بھی زور پکڑ سکتے ہیں۔ مگر ہوش کھونے کی ضرورت نہیں اور نہ ہی زیادہ پر امید ہونے کی۔ کیونکہ یہ ایک وقتی جذبہ ہے جو کچھ عرصے میں ماند پڑ جائے گا۔ مگر اپنی توجہ اپنے کام پر رکھیں۔

سعد تاریخیں	27,22,13,8	نحس تاریخیں	27,17,10

ماہ اپریل :

اس ماہ میں معاملات کا زیادہ تر انحصار ملنے والے لوگوں پر ہوں گا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ میزان افراد ان سے فائدہ اٹھاتے ہیں یا وہ میزان افراد سے فائدہ اٹھا جاتے ہیں۔ مگر یہ بات بھی ہے کہ خواہشات کے پورے ہونے کا زیادہ تر انحصار اور دارومدار ساتھ چلنے والوں پر ہوگا۔ مگر کسی بھی معاملے کو انجام تک پہنچانے سے قبل اس کے تمام امور پر پوری طرح نگاہ دوڑالیں۔

سعد تاریخیں	23,19,9,5	نحس تاریخیں	21,14,7

ماہ مئی:

اس مہینے کے شروع کے پندرہ دن کافی مشکل ہوں گے۔ بہت سارے معاملات کی ڈور ہاتھ میں نہ آئے گی اور بہت ساری الجھنیں راستے میں کھڑی ہوں گی۔ مگر کوئی بات نہیں جب کوئی نہیں سنتا تو اللہ تعالیٰ کی ذات ضرور سن رہی ہوتی ہے۔ جونہی اس ماہ کا دوسرا نصف حصہ شروع ہو جائے گا۔ صدقہ و خیرات دیں اور ایسے معاملات کی طرف دھیان دیں جن سے براہ راست تو آپ کا تعلق نہ ہو مگر بالواسطہ طور پر تعلق ہوں۔ شادی شدہ میزان افراد کے لئے سسرالی رشتہ داروں کی طرف سے مدد آسکتی ہے۔ میزان طلباء اور طالبات کے لئے پڑھائی کے میدان میں نمایاں کامیابی اور بہتر نتائج ملنے کا وقت ہے۔

سعد تاریخیں	29,21,16,6	نحس تاریخیں	31,18,11,4

ماہ جون:

اس ماہ کامیابیاں ملنے کی شرح اپنے عروج پر ہوگی اور دنیا میں اور دنیاوی مقام میں بہتری اور بلندی ہوگی۔ اس ماہ مخالفین اور شریک حیات طاقت پکڑیں گے۔ اس لیے مفاہمت کا راستہ بہترین راستہ رہے گا۔ نوکری پیشہ میزان افراد کے تعلقات افسران بالا سے اچھے ہو جائیں گے۔ کاروباری میزان افراد کے کاروبار میں بڑھوتری ہوگی۔ ساتھ چلنے والوں کی طاقت سے فائدہ اٹھائیں۔ کاروبار کو آگے بڑھانے کے لیے اخراجات ہوں گے۔ مگر یہ سارا کچھ کرنا باعث برکت و بہتری ہوگا۔ خواہشات بہت اچھے انداز میں عزت وقار سے پوری ہوں گی۔

سعد تاریخیں	25,17,12,2	نحس تاریخیں	27,15,7

ماہ جولائی:

جو محنت کی ہوگی اب اس کے پھل کھانے کا وقت آگیا ہے۔ جو فصل سارا سال بوئی ہے وہ کاٹنے کا وقت آگیا ہے۔ اس ماہ کی ایک [illegible] تبدیلی [illegible] بہت سارے معاملات کو تبدیل کرنے کا باعث ہوسکتی ہے۔ ویسے سارے سال میں اس ماہ تو ایسا محسوس کریں گے کہ سارا زمانہ آپ کے ساتھ ہیں۔ اپنے حلقہ احباب کو پھیلائیں اور ایسا اس لیے کریں کہ کیونکہ اب ملنے جلنے والوں اور دوستوں سے تعلقات پورے ہونے کا وقت آگیا ہے۔ اس ماہ کے آخری عشرے میں دھیان اخراجات کی طرف بھی جاسکتا ہے اور صحت کی خرابی کی وجہ سے ہسپتال کا چکر بھی لگ سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	27,23,14,9	نحس تاریخیں	25,12,4

ماہ اگست:

اس مہینے میں چونکہ خواہشات کافی حد تک پوری ہو چکی ہیں تو اب زندگی کو کچھ آسانی دینے کا دل کرے گا۔ اور اس آسانی دینے میں دھیان اخراجات کی طرف جائے گا۔ اور طبیعت میں کچھ کسلمندی طاری رہے گی۔ اس لیے اپنے آپ پر قابو رکھ کر اپنے معمولات کو خوش اسلوبی سے نمٹائیں۔ اس ماہ کے دوسرے نصف حصے سے معاملات کنٹرول میں آنا شروع ہو جائیں گے اور ایسا اس لیے ہوگا کہ میزان افراد خود اپنے کنٹرول میں آئیں گے۔ ویسے اس مہینے میزان افراد سے تعلق رکھنے والے لوگوں کا ان کے حلقہ احباب پر گہرا اثر پڑ سکتا ہے۔ یہ لوگ اپنے ملنے جلنے والوں میں بہت پسند کیے جائیں گے۔

سعد تاریخیں	23,19,11,6	نحس تاریخیں	28,21,8,1

ماہ ستمبر :

اگر بیمار ہیں تو اس مہینے میں آرام آنا شروع ہو جائے گا۔ یہ الگ بات ہے کہ اخراجات زیادہ ہوں گے مگر ان کی وجہ سے کچھ ملے گا بھی تو صحیح قرضہ لینے دینے اور ان جیسے تمام معاملات میں کسی ناخوشگوار واقعے سے پالا پڑ سکتا ہے۔ اس ماہ کے آخری عشرے میں میزان افراد کو اپنی شخصیت کی اہمیت جتانے کا زیادہ موقع ملے گا۔ اور ضرورت سے زیادہ اپنے ہونے کو محسوس کریں گے بھی اور کروانے کی کوشش بھی کریں گے۔ روپے پیسے کے حصول کی خواہش بڑھ جائے گی۔ زبان اور بولنے کا انداز کافی میٹھا ہو جائے گا۔

سعد تاریخیں	29,20,7,2	نحس تاریخیں	24,18,4

ماہ اکتوبر :

اس ماہ میں آمدنی کو بڑھانے کے لیے کی گئی کوششیں کافی کارآمد ثابت ہوں گی۔ اور پوری ہونے کا امکان ہے۔ لہجے میں ایک خاص قسم کا وقار ہوگا۔ مگر خواہشات کے حصول کے لیے اپنے اس باوقار انداز کو نہ چھوڑیں وگرنہ نتائج پورے نہ ہوں گے۔ اور توقعات بھی پوری نہ ہوں گی۔ اس ماہ کے اختتام پر مشتری اپنا برج تبدیل کر رہا ہے اور اس تبدیلی کو وجہ سے معاملات دولت اور حصول دولت کے لیے اور کافی آسان ہو جائیں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں کی طرف لگاؤ اور توجہ بڑھ جائے گی۔ اور ان سے اس لگاؤ اور توجہ کی وجہ سے کسی قریبی شہر کے سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ اچھی خبریں سننے کو مل سکتی ہیں۔

سعد تاریخیں	27,17,13,4	نحس تاریخیں	22,15,2

ماہ نومبر:

اس ماہ سے میزان افراد اپنے مالی معاملات میں ایک خاص قسم کی تبدیلی محسوس کریں گے۔ مالی معاملات میں مسائل کافی حد تک ختم ہو جائیں گے۔ بلکہ بہت سارے معاملات تو یوں حل ہوں گے کہ ان کی امید بھی نہ ہوگی۔ گھر کا ماحول بہت پرسکون رہے گا اور اس پرسکون رہنے کی وجہ سے توجہ گھریلو امور کی طرف رہے گی۔ زیادہ وقت گھر والوں کو دیں گے۔ اور ان کے ساتھ وقت بتانا اچھا لگے گا۔ کسی معاملے کے حل کے لیے یا اپنی خوشی سے کسی بہن بھائی یا رشتہ دار کی طرف رجوع کرنا پڑے گا۔ اور اس سے معاملات حل ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	28,23,14,9	نحس تاریخیں	25,18,11

ماہ دسمبر:

اس سال کا آغاز کافی خوشیاں لے کر آ رہا ہے اور یہ خوشیاں آپ کو اپنی وجہ سے بھی اور اپنے آس پاس دینے والے لوگوں کی طرف سے ملے گی۔ گھر کے بڑے بزرگ کافی اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ ان سے کافی توقعات وابستہ ہوں گی اور وہ پوری بھی ہوں گی۔ سب سے اہم بات والدہ کے علاج اور دوائیوں پر اخراجات اٹھ سکتے ہیں لیکن کوئی بات نہیں۔ مائیں جنت کی ہوائیں۔ ویسے بھی ماں کا رتبہ بہت بلند ہے۔ خیر لین دین کے امور کے حوالے سے کچھ پریشانی آ سکتی ہے۔

سعد تاریخیں	25,20,11,7	نحس تاریخیں	23,15,9

عقرب افراد کے لیے خوش قسمت پتھر:۔

مرجان، روبی

عقرب افراد کے لیے خوش قسمت دن:۔

منگل، اتوار، پیر، جمعرات

عقرب افراد کے لیے خوش قسمت اعداد:۔

3,2,1,8

عقرب افراد کے لیے خوش قسمت رنگ:۔

لال، سفید، کریم کلر

سالانہ عمومی حالت:۔

سال 2005 برج عقرب والوں کے لئے کچھ ملے جلے رجحان لے کر آئے گا۔ اس سارے سال میں اخراجات عقرب افراد کو منہ کھولے نظر آئیں گے اور ایسے اخراجات ہوں گے جو زیادہ تر عیش و آرام سے متعلق اشیاء کے حوالے سے ہوں گے۔ جو کمائیں گے وہ بچا نہ پائیں گے۔ ویسے وہ دور عقرب کی افراد کی زندگی میں آچکا ہے جہاں دور رس نتائج کے حامل معاملات میں پیش قدمی ہوگی۔ سال کے دوسرے نصف حصے میں کیریئر اور روزگار کے حوالے سے مضبوط بنیادوں پر پیش قدمی ہوگی۔ اس حوالے سے آخری والا وقت بہت اہم ہوگا۔ ویسے سال کے آخری دو مہینے میں جو محنت سارا سال کی ہوگی اس کے پھل ملنا شروع ہو جائیں گے۔

2005 کے لیے برج عقرب والوں کے لیے الواح:۔

اس سال مارچ میں ہونے والے شرف مریخ سے فائدہ اٹھا کر اپنی ذات کی نشوونما اور اپنی صحت اور نوکری کے حوالے سے لوحِ شرف مریخ بنوائیں۔ اخراجات پر قابو پانے اور ان جیسے معاملات کو حل کرنے کے لیے اور ازدواجی زندگی کو خوشگوار بنانے کے لیے شرف زہرہ کے موقع پر لوحِ مشرف زہرہ بنوائیں۔ دنیا میں عزت وقار اور کاروبار میں اضافے کے حوالے سے اپریل میں ہونے والے شرفِ شمس سے فائدہ اٹھائیں اور لوحِ شرف شمس بنوائیں۔ خواہشات کے آسان حصول اور حادثات سے بچاؤ کے لیے لوحِ شرف عطارد بنوائیں۔ یہ مبارک وقت ستمبر کے مہینے میں آئے گا۔ ان تمام الواح کی تیاری کے لیے ادارے سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

ماہ جنوری:۔

اس سال کا آغاز اپنے ساتھ اخراجات تو لے کر آئے گا۔ مگر ان اخراجات کے لیے زیادہ مسائل کا شکار نہیں ہونا پڑے گا۔ اس کے علاوہ زیادہ تر معاملات کا رخ قرب و جوار میں ہوگا۔ چھوٹے بہن بھائیوں کی طرف توجہ رہے گی۔ قریب کے شہروں میں آنا جانا لگا رہے گا۔ اخراجات پر دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ خواہشات پوری ہوسکتی ہیں۔ اچھی خبریں اور کام کی خبریں سننے کو مل سکتی ہیں۔ زیادہ تر دھیان روپے پیسے کے حصول کی طرف رہے گا اور مالی معاملات کافی اہمیت اختیار کر جائیں گے۔

سعد تاریخیں	31,20,15,6,1	نحس تاریخیں	25,17,3

ماہ فروری:

اس مہینے کے آغاز سے ہی عقرب افراد اپنے آپ کو طاقتور محسوس کرنا شروع کر دیں گے۔ ان کی اس طاقت کا باعث ان کے چھوٹے بہن بھائی ہوں گے اور ان کے لیے کچھ کرنے کو دل کرے گا۔ عقرب افراد اپنی فیملی کی طرف بھی دھیان دیں گے۔ والدہ کے حوالے سے کچھ معاملات سامنے آ سکتے ہیں۔ والدہ کی محبت دل میں جاگ سکتی ہے۔ گھریلو امور و معاملات کافی اہم ہو جائیں گے اور ان کی طرف دھیان کرنا باعث سکون و اطمینان ہوگا۔ والدہ کی دعاؤں کی وجہ سے زندگی میں اعلیٰ مقام ملے گا اور عقرب افراد اس بات کو محسوس کریں گے۔

سعد تاریخیں	18,13,4	نحس تاریخیں	24,16,2

ماہ مارچ:

اس ماہ میں کافی عرصے کے بعد خوشیاں، چاہتیں اور آسانیاں ملیں گی۔ اعلیٰ طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگ حلقہ احباب میں آئیں گے اور فوائد دیں گے۔ اس تمام مہینے میں موج مستی کرنے کا دل کرے گا۔ شادی شدہ عقرب افراد کا ایک بار پھر ہنی مون منانے کا دل کرے گا۔ کنوارے عقرب افراد اس وقت کسی رومانس کا شکار ہو سکتے ہیں۔ بچوں والے عقرب افراد اپنے بچوں کی وجہ سے خوشیاں دیکھیں گے اور بچے بھی ان کی خوشیوں کا باعث ہوں گے۔ شریک حیات کی خواشیات بہت اچھے انداز میں پوری ہوں گی اور اگر شریک حیات کی خواہش آپ کی ترقی و مرتبہ میں اضافہ ہے تو پھر کیا کہنے۔

سعد تاریخیں	30,15,6,1	نحس تاریخیں	26,18,3

ماہ اپریل:.

اس مہینے کام کی زیادتی بہت رہے گی۔ شریک حیات کی طبیعت بگڑ بھی سکتی ہے اور ادویات اور ہسپتال کے چکر بھی لگ سکتے ہیں مگر اپنی طبیعت [illegible] عقرب افراد کام کی زیادتی کی وجہ سے بوکھلا بھی سکتے ہیں۔ کافی سے زیادہ توجہ گھریلو امور اپنی طرف لے کر چلے جائیں گے۔ والدہ کا کردار اس ماہ کافی اہم ہو سکتا ہے۔ گھر کی مرمت و تزئین و آرائش کی طرف دھیان جا سکتا ہے۔ اس ماہ کے اختتام پر شریک حیات سے تعلقات بہت بہتر ہو جائیں گے۔ اور وہ زندگی کے سفر میں شانہ بہ شانہ ساتھ چلنے کا اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	29,19,14,4	نحس تاریخیں	24,16,2

ماہ مئی:.

یہ مہینہ معاملات میں ایک جکڑن سی لے کر آئے گا۔ جس کسی بھی سمت میں جانے کی کوشش کریں گے راستہ بند ملے گا۔ ویسے بھی اس ماہ کے آغاز سے ہی طبیعت میں خاص قسم کی تساہل پسندی آ جائے گی۔ آرام کرنے کا دل زیادہ کرے گا اور کام کرنے کا کم۔ مگر اگر کام یا محنت نہیں کریں گے تو اس جکڑن سے نجات کیسے پائیں گے؟ مگر سمجھانا ہمارا کام تھا تو سو وہ ہم نے کر دیا آگے ماننا یا نہ ماننا آپ کے اوپر منحصر ہے۔ ویسے ہر رات کی ایک صبح ہوتی ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اس صبح کا انتظار عقرب افراد اب کیسے کرتے ہیں؟

سعد تاریخیں	28,19,13,3	نحس تاریخیں	30,24,16,1

ماہ جون:.

یہ مہینہ ایک بہتر مہینہ ثابت ہوگا۔ اس ماہ میں تمام قسم کی بندھنیں کھل جائیں گی۔ معاملات خوشگوار انداز میں چلنا شروع کر دیں گے۔ ذہنی پریشانیاں کم ہونا شروع ہو جائیں گی۔ صحت کے معاملات میں بہتری آئے گی اور نوکری پیشہ عقرب افراد کی نوکری کے معاملات میں بہتری آئے گی۔ خواہشات اور امیدوں کا پورا ہونا اس ماہ کے آخری عشرے سے شروع ہو جائے گا۔ سسرالی رشتہ داروں سے کافی مدد مل سکتی ہے۔ بہت سارے پرانے معاملات اللہ کی رضا اور مہربانی سے حل ہونا شروع ہو جائیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے عقرب افراد کے لیے یہ ایک سنہری موقع ہے کہ جس کو استعمال کرتے ہوئے وہ اپنے ایسے تمام معاملات بہتر کر سکیں گے۔ بیرون ملک سفر کے لیے کی گئی کوششیں بھی کامیاب ثابت ہوں گی۔

سعد تاریخیں	26,17,12,2	نحس تاریخیں	28,22,15

ماہ جولائی:۔

اس ماہ کی سب سے خاص بات زحل کا عرصہ دراز کے بعد برج تبدیل کرنا ہے۔ یہ وقت عقرب افراد کے کیرئیر اور روزگار کے حوالے سے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ نئے نئے مواقع اور راستے ملتے اور کھلتے نظر آئیں گے۔ جو کام بھی کر رہے ہیں ان میں ترقی و بہتری ہوگی۔ کامیابی و کامرانی ملے گی۔ اس ماہ کے آخری عشرے میں معاشرے میں عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ والد کے ساتھ برادران کی عزت میں بھی اضافہ ہوگا۔ کاروباری ڈیلوں میں خاطر خواہ منافع ہوگا۔ دنیاوی ذمہ داریاں بڑھ جائیں گی۔ اس کے ساتھ ساتھ اب وقت آ گیا ہے کہ اپنے روزگار کے حوالے سے اگر سنجیدہ نہیں تو ہو جائیں۔

سعد تاریخیں	25,17,21,1	نحس تاریخیں	28,21,14

ماہ اگست:۔

اس ماہ اخراجات کی طرف دھیان اور ان کا حجم بڑھ جائے گا۔ خاص طور پر ایسی اشیاء جو آرام، آسائش اور لگژری کے زمرے میں آتی ہیں ان پر اخراجات کرنے کا رجحان بڑھ جائے گا۔ اخراجات ایسے ہوں گے کہ محسوس بھی نہ ہوں گے اور ہوتے چلے جائیں گے۔ اس چیز کو کنٹرول کرنا ہی سب سے بڑی بات ہے۔ اگر تو کوئی کیرئیر اور روزگار اپنایا ہوا ہے تو اس میں جمے رہیں اگر اپنانا ہے تو اپنا لیں کیوں کہ یہ سنہری موقع پھر ہاتھ نہ آئے گا اور اس وقت جو بنیاد پڑ جائے گی پھر اس کو ہلانا اتنا آسان نہ ہوگا۔ ایک بات اور وہ یہ کہ اس ماہ میں ساتھ چلنے والے، مخالفین اور شریک حیات سے تلخی اور گرم مزاجی ہو سکتی ہے اور معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ اس لیے اپنے غصے پر بھی قابو پائیں اور سامنے والے کو بھی غصے میں نہ آنے دیں۔

سعد تاریخیں	29,24,15,10	نحس تاریخیں	26,19,13

ماہ ستمبر:۔

اس ماہ ملا جلا رجحان رہے گا۔ اس ماہ کے پہلے نصف حصے کو ایک بہترین اور خوشگوار حصہ کہا جا سکتا ہے۔ اس وقت میں بہت ساری خواہشات پوری ہوں گی اور معاملات قابو میں رہیں گے۔ مگر جیسے ہی دوسرے نصف حصے میں داخل ہوں گے تو یوں محسوس ہے گا کہ اخراجات، پریشانیاں اور تنگیوں نے عقرب افراد کو گھیر لیا ہے۔ اخراجات کا گراف کافی بلندی پر چلا جائے گا۔ مگر یہ ضرور کہنا چاہیے کہ ان اخراجات کو پورا کرنے کے اسباب بھی پیدا ہو جائیں گے۔ مگر اس ماہ

کے اختتام پر یہ کہتے ہوئے نظر آئیں گے کہ کچھ بھی نہ بچا۔ جو بچایا تھا وہ سب لگ گیا۔ مگر خیر ایسا تو ہوتا ہے۔ یہ زندگی ہے اور زندگی میں خوشی بھی ہے تو غم بھی ہے۔ راحت ہے تو تکلیف بھی۔

سعد تاریخیں	22,13,9,3	نحس تاریخیں	25,18,11

ماہ اکتوبر:۔

اس ماہ کے آغاز سے طبیعت میں سکون آنا شروع ہو جائے گا۔ ذہن پر موجود دباؤ کم ہو جائے گا۔ چیزیں جو پردے کے پیچھے چھپی ہوئی تھیں اب سامنے آنا شروع ہو جائیں گی۔ جو حقائق پتہ نہیں چل رہے تھے وہ اب پتہ لگنا شروع ہو جائیں گے۔ روپے پیسے کے معاملات پر جو دباؤ پڑا ہوا تھا وہ اب کم ہونا شروع ہو جائے گا۔ مگر مخالفین اور شریک حیات کے مزاج میں گرمی اور تندی کا منصر بڑھ جائے گا۔ اس لیے معاملات زندگی کو تلخی و ترشی سے نہیں بلکہ صبر و تحمل اور حوصلے سے کام لیتے ہوئے پورا کریں۔ ایسا کرنا سود مند ثابت ہوگا۔

سعد تاریخیں	23,13,8	نحس تاریخیں	25,17,11

نومبر:۔

ایک طویل عرصے کے بعد مشتری حرکت کرتا ہوا برج تبدیل کر رہا ہے۔ طالع میں آنے کی وجہ سے ذات و شخصیت میں بڑھوتری، سمجھ بوجھ میں اضافہ اور زندگی کے بہت سارے معاملے میں آگے جانے کی لگن اور حوصلہ پیدا ہو گا۔ روپے پیسے کا حصول بغیر دکھاوا کیے ممکن ہوگا۔ طبیعت میں ایک خوش مزاجی اور خوش اخلاقی کا عنصر نمایاں نظر آئے گا۔ چھوٹے اور مختصر دورانیے کے سفر سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ صرف ایک مسئلہ وہ یہ کہ عقرب افراد کا یہ سمجھنا کہ وہ سب کچھ کرلیں گے مگر ایسا نہیں ہوتا۔ سب کچھ صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کر سکتی ہے اور انسان صرف وہی کر سکتا ہے جو اس کے بس میں ہو۔ تو مخالفین اور شریک حیات کو صرف سوچ لینے سے ہی نہیں سمجھایا جا سکتا کچھ عملی طور پر بھی کرنا پڑے گا۔

سعد تاریخیں	26,21,11,7	نحس تاریخیں	24,16,9

ماہ دسمبر:۔

پچھلے ماہ کے کیے گئے غلط فیصلوں پر دوبارہ نظر ثانی کرلیں اس سے قبل کے آگے بڑھیں۔ گھر والوں سے تعلقات بہتر ہوں گے۔ مگر شریک حیات سے معاملات میں تندی و تیزی ویسے ہی رہے گی۔ قرض لینے جیسے معاملات کے حوالے سے آسانی رہے گی۔ لوگوں کو لچھے دار باتوں میں الجھا سکتے ہیں۔ قرب و جوار کے معاملات بھی کھل کر سامنے آئیں گے۔ رشتہ دار اور بہن بھائی سے تعلقات میں ایک وقار ہوگا اور اسی وقار کی وجہ سے وہ عقرب افراد کو عزت دیں گے اور عقرب افراد کی مدد بھی کریں گے۔ اس سال کا انجام نہ تو بہت اچھا ہے نہ بہت برا ہے سو آنے والے کل کو اچھا بنانے کے لیے آج ہی کوشش شروع کر دیں۔

سعد تاریخیں	26,21,10,6	نحس تاریخیں	24,15,8

قوس افراد کے لیے خوش قسمتی کے پتھر:۔

پکھراج، پنا، روبی

قوس افراد کے لیے خوش قسمتی کے دن:۔

جمعرات، اتوار، بدھ

قوس افراد کے لیے خوش قسمت اعداد:۔

5 , 1 , 3

قوس افراد کے لیے خوش قسمت رنگ:۔

پیلا، ہلکا زرد رنگ

سالانہ عمومی حالت:۔

برج قوس والوں کی گئی محنت رنگ لائے گی جو انہوں نے کام کیے ہیں اس کے انہیں پھل مل جائیں گے۔ اس سال ان کی خواہشات بہت اچھے انداز میں پوری ہوں گی۔ اور یہ لوگ خواہشات کے غلام بھی ہو سکتے ہیں۔ خاندان والے بھی ان کی خواہشات پوری کرنے کا باعث ہو سکتے ہیں۔ سال کا پہلا نصف حصہ بہت سارے معاملات میں بندشوں کا شکار کرے گا مگر جونہی سال کا دوسرا حصہ شروع ہو جائے گا۔ قوس افراد کو ایسا لگے گا کہ جیسے ان کے راستے کی تمام رکاوٹیں دور ہو گئی ہیں اور وہ اپنے پر پھیلا کر پرواز کر سکتے ہیں۔

سال 2005 کے لیے قوس افراد کے لیے الواح:

زندگی میں خوشیوں کا تناسب بڑھانے اور پریشانیوں کا تناسب کم کرنے کے لیے مارچ میں ہونے والے شرف مریخ سے فائدہ اٹھا کر لوح شرف مریخ بنوائیں۔ خواہشات کے عمدہ حصول اور آسانی سے معاملات کا پورا کرنے کے لیے شرف زہرہ کے موقع پر لوح شرف زہرہ بنوائیں۔ صحت کے معاملات میں بھی بھلائی حاصل کریں۔ اپنی خوش قسمتی میں اضافہ کرنے کے لیے اور غیبی مدد کو حاصل کرنے کے لیے اپریل میں ہونے والے شرف شمس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے لوح شرف شمس بنوائیں۔ کاروبار میں ترقی اور لوگوں کے ساتھ بہتر معاملات کے لیے شرف عطارد کے موقع پر لوح شرف عطارد بنوائیں۔ ان تمام الواح کی تیاری کے لیے ادارے سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔

ماہ جنوری:۔

اس سال کا آغاز قوس افراد کے لیے بہت بہتر ہوگا۔ مالی معمولات میں بہتری آئے گی۔ مالی معاملات میں آسانیاں اور حصول دولت آسان ہو جائے گا۔ اور خواہشات کے حصول کے لیے کوششیں تیز تر ہو جائیں گے۔ قریبی افراد بھی مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ کاروبار میں ترقی اور بڑھوتری کے لیے قرب جوار کے علاقے میں سفر کریں اس سے فوائد حاصل ہوں گے۔ بیرون ممالک سے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں مگر اس کے لیے محنت درکار ہوگی۔ ویسے خواہشات کے حصول میں زیادہ مشکلات نہ ہوں گی۔

سعد تاریخیں	30,18,13,4	نحس تاریخیں	24,16,2

ماہ فروری:۔

اس ماہ میں سب سے اہم بات یہ ہوگی کہ قوس افراد اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لئے بہت زیادہ شدت پسند رویہ اختیار کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں ایک نرمی اور پیار آسکتا ہے۔ گھر کے ماحول میں ایک کھچاؤ آسکتا ہے۔ دنیا میں عزت و وقار گھر والوں کے مرہونِ منت ہوگا۔ اس ماہ میں روپے پیسے کے معاملات میں ایک خاص قسم کی تیزی آئے گی۔ رکے ہوئے پیسے ملنے شروع ہوجائیں گے۔ لیکن یہ خیال رکھیں کہ جس تیزی سے یہ آرہے ہیں اس تیزی سے نکل بھی سکتے ہیں سو اپنے معاملات کو دھیان سے حل کریں۔ گھر والوں کا مزاج قوس افراد کے لیے کچھ سخت ہوسکتا ہے مگر کوئی بات نہیں آخر تو اپنے ہیں۔

سعد تاریخیں	19,13,4	نحس تاریخیں	25,16,1

ماہ مارچ:۔

اس ماہ کے آغاز سے ہی گھر کے ماحول میں ایک سکون آجائے گا۔ معاملات زندگی میں ایک سکون محسوس کریں گے۔ قوس افراد کی خواہشات ان کے اہلِ خانہ سے اور ان کے اہل خانہ کی نظریں ان پر ہیں۔ دونوں ہی ایک دوسرے کے لیے مدد و معاون ثابت ہوں گے۔ گھر کا ماحول بہت خوشگوار رہے گا۔ گھر کے لوگوں کے ساتھ مل بیٹھنے کا موقع ملے گا۔ گھر کی آرائش و تزئین کرنے کا بھی دل کرے گا۔ اور جائیداد کی خرید و فروخت میں بھی دل لگا رہے گا۔

سعد تاریخیں	31,21,16,7,2	نحس تاریخیں	26,19,5

ماہ اپریل:۔

اس مہینے برج قوس والے سیر و تفریح کرنے کے موڈ میں ہیں اور دوستوں کے ساتھ ملاقات کرنے کا دل کرے گا۔ ذہن سے تمام بوجھ اتار پھینکیں گے اور بچوں کے ساتھ تفریح کرنے کا بھی دل کرے گا۔ قوس افراد رومانس کا شکار بھی ہوسکتے ہیں۔ صنف مخالف سے رغبت پیدا ہوگی اور معاملات میں خوش اسلوبی آئے گی۔ بچوں کے ساتھ سیر و تفریح میں وقت گزاریں اور ان کو وقت دیں۔ کیوں کہ وہ بھی آپ کی توجہ کے مستحق ہیں۔

سعد تاریخیں	27,17,12,3	نحس تاریخیں	29,22,14,1

ماہ مئی:۔

اس ماہ کام کا بوجھ زیادہ ہوگا۔ جس سے صحت متاثر ہوسکتی ہے۔ اس لیے کام اور صحت دونوں کا خیال رکھیں کہ دونوں متاثر نہ ہوں۔ خاص طور پر شریک حیات کی صحت کا بھی خاص خیال رکھیں۔ ان کی صحت بھی بگڑ سکتی ہے۔ پھر نہ کہنا کہ خبر نہ ہوئی۔ نوکری سے متعلق امور میں آسانیاں بھی رہیں گی۔ خواہشات ساتھ کام کرنے والوں سے بھی پوری ہوں گی۔ اس ماہ کے دوسرے نصف حصے میں شریک حیات سے الفت و محبت بڑھ جائے گی۔ ایک دوسرے کی طرف لگاؤ اور محبت کا اظہار ہوسکتا ہے۔ کافی خواہشات شریک حیات سے منسلک ہوجائیں گی۔

سعد تاریخیں	27,17,11,1	نحس تاریخیں	30,23,14

ماہ جون:۔

اس ماہ شراکت داری رکھنے اور کرنے والے قوس افراد کے پارٹنر عزت و وقار سے پیش آئیں گے اور ایسے ہی رویے کا مطالبہ کریں گے۔ شریک حیات بھی ایسے ہی رویے کا مظاہرہ کرے گا۔ سسرالی رشتہ داروں اور انجان لوگوں کے ساتھ محبت و الفت بڑھے گی اس ماہ کے دوسرے نصف حصے میں بنتے ہوئے کام رک جائیں گے۔ اور معاملات زندگی

میں کچھاؤ اور تناؤ آجائے گا۔ ساتھ چلنے والے تو آگے چلتے ہوئے محسوس ہوں گے۔ مگر خود کو رکا ہوا پائیں گے۔ کچھ مایوسیاں اور کچھ پریشانیاں بھی ہوسکتی ہیں۔ مگر ہاں ایک بات ہے وہ یہ کہ دوستوں یاروں کی محفل میں بیٹھ کر اطمینان محسوس کریں گے اور ان پر اخراجات بھی اٹھیں گے۔

سعد تاریخیں	19,13,1	نحس تاریخیں	30,23,16

ماہ جولائی:.

اس ماہ کے پہلے نصف حصے میں بھی کیفیت ویسی ہی رہے گی جو پچھلے مہینے کے اختتام سے جاری ہے مگر معاملات میں اس حد تک تناؤ اور بندش محسوس نہ ہوگی جو کہ پچھلے مہینے میں تھی۔ دوسرا یہ کہ طالع کا مالک بھی حالت رجعت سے استقامت میں آچکا ہے۔ مگر اصل میں اہم بات وہ یہ سمجھنے والی ہے کہ اس ماہ قوس افراد کی کیفیت جھولا جھولنے کی سی ہو گی۔ کبھی یہ محسوس کریں گے کہ آگے جا رہے ہیں اور کبھی یہ محسوس کریں گے کہ یہ پیچھے جا رہے ہیں۔ سو وقت کے اس نازک موڑ پر اپنی تمام تر چیزوں کو اکٹھا کر کے اور طاقتوں کو جمع کر کے اس وقت کو احتیاط سے گزاریں۔

سعد تاریخیں	27,19,14,3	نحس تاریخیں	29,23,16

ماہ اگست:.

اس مہینے میں قوس افراد واقعی یہ محسوس کریں گے کہ وہ اندھیرے سے نکل آئے ہیں اور اب سامنے روشنی ہے۔ اللہ کی مدد اور صبر سے گزارے ہوئے وقت کے فوائد و ثمرات اب نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔ تمام رکے ہوئے معاملات اب چل پڑیں گے۔ خانہ مال کی بندش بھی ختم ہو جائے گی اور روپے پیسے کے حصول کے لیے کی گئی کوششیں کامیاب ہونا شروع ہو جائیں گی۔ مختصر دورانیے کے طویل سفر بھی شروع ہو سکتے۔ قوس طلباء و طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع ملنا شروع ہوں گے۔ اور جو بچے بھی قوس برج سے تعلق رکھتے ہیں وہ اپنے پڑھائی کے مستقبل کے حوالے سے سنجیدگی سے سوچنا شروع کریں گے۔

سعد تاریخیں	27,22,14,10	نحس تاریخیں	25,18,12

ماہ ستمبر:.

اس مہینے میں سوشل اور کاروباری معاملات میں ایک مثبت تبدیلی آئے گی۔ صاحب اقتدار لوگ مائل بہ کرم ہوں گے۔ افسرانِ بالا کی نظر میں آئیں گے اور کارکردگی کو جانچا جائے گا اور معاملات کو بہت بہتر انداز میں پیش کیا جائے گا۔ قوس افراد کے والد کے عزت و وقار میں اضافہ ہوگا اور نام بلند ہوگا۔ قوس طلباء و طالبات اپنی اپنی جگہ پر امتحانوں میں اچھی پوزیشنیں حاصل کریں گے۔ اور اساتذہ کی نگاہ میں بہت بہتر ہو جائیں گے۔ خواہشات کا حصول بہت عمدگی سے ہوگا اور خواہشات یوں پوری ہوں گی کہ جیسے پھولوں کا ہار جو گلے میں پڑا ہو تو اس کا نہ تو وزن محسوس اور نہ بوجھ لگتا ہے بلکہ خوشبو آتی ہے۔

سعد تاریخیں	28,23,13,8	نحس تاریخیں	26,18,11

ماہ اکتوبر:.

اس ماہ کے آغاز سے اخراجات کا پلڑا بھاری ہو جائے گا۔ جو بھی معاملات طے کریں گے وہ زیادہ تر نقصان میں بھی جا سکتے ہیں اور اوپر سے دوسرے عشرے کے آغاز سے طبیعت میں سستی اور کاہلی بھی آجائے گی۔ اس لیے اس سستی

اور کاہلی کا مقابلہ کریں اور مگر جو بھی اخراجات ہوں گے وہ کاروبار کی بڑھوتری اور نشونما کے لئے اور معاشرے میں پوزیشن برقرار رکھنے کے لیے ہوں گے۔ والد کے طرف کے رشتہ دار بھی تنگ کر سکتے ہیں۔ نوکری پیشہ قوس افراد اپنے معاملات کو ذرا دھیان سے ڈیل کریں کیونکہ کام کا پریشر بھی بڑھ جائے گا اور سختی بھی اسی حوالے سے بڑھ جائے گی۔

سعد تاریخیں	24,14,9	نحس تاریخیں	27,19,12

ماہ نومبر:۔

اس مہینے میں طالع کا مالک چونکہ اپنا برج تبدیل کر چکا ہے تو یہ کہا جاسکتا ہے کہ مزاج میں بھی تبدیلی ہوگی۔ ذہن بیکار کے ماحول کی طرف جاسکتا ہے اور فضول خرچی کرنے کا تو ویسے بھی بڑا دل کرے گا۔ کمانے سے زیادہ خرچ کرنے کا دھیان رہے گا اور فکر پڑی رہے گی۔ اس لیے اس بات کا دھیان رکھیں کہ یہ بات تو ممکن ہے کہ کچھ عرصے تک روپے پیسے کی تنگی کا سامنا کرنا پڑے لیکن اگر طبیعت پر قابو نہ پایا گیا تو مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ دوسری اہم بات وہ یہ کہ اس ماہ کے دوسرے نصف حصے میں کسی قسم کا فیصلہ کرنے سے قبل بار ہا سوچیں اور خاص طور پر ایسے معاملے جو تحریری شکل میں آجاتے ہیں ان کی طرف سے خاصے محتاط رہیں۔ اور بہت بغور مطالعہ کے بعد ہی ان کو فائنل کریں۔

سعد تاریخیں	26,21,8	نحس تاریخیں	24,17,10

ماہ دسمبر:۔

اس ماہ میں بڑے عرصے کے بعد صحت کے حوالے سے جو کھچاؤ اور دباؤ محسوس کر رہے تھے وہ بھی قدرے کم ہو جائے گا۔ ہائی بلڈ پریشر کے قوس مریض کا بلڈ پریشر بھی کنٹرول میں آجائے گا۔ اس ماہ کا اختتام قوس افراد کے لیے زیادہ نامناسب نہیں رہے گا۔ بلکہ یہ محسوس کریں گے کہ روپے پیسے کے معاملات میں ایک آسانی رہے گی۔ مگر بات پھر وہی ہے کہ زندگی بعض دفعہ تار پر چلنے کا نام ہوتی ہے تو قوس افراد اس بات کو یوں دیکھیں کہ تار پر چلنے کے لیے ہوش مندی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس ہوش مندی کو استعمال کر کے وقت گزاریں۔

سعد تاریخیں	25,19,9,4	نحس تاریخیں	22,14,7

جدی افراد کے لیے خوش قسمتی کا پتھر:۔
نیلم، ہیرا
جدی افراد کے لیے خوش قسمت دن:۔
ہفتہ، جمعہ، بدھ
جدی افراد کے لیے خوش قسمت رنگ:۔
نیلا، سفید، سبز
جدی افراد کے لیے خوش قسمت عدد:۔
5 , 6 , 8

سالانہ عمومی حالت:۔

سال2005 برجِ جدی والوں کے لیے بہت اچھا رہے گا۔ نئے کاموں کی بنیاد پڑے گی۔ معاشرے میں عزت وقار میں اضافہ ہوگا۔ پہلے سے جاری کاموں میں بہت بہتری ہوگی۔ افسران بالا اور صاحب اقتدار لوگوں سے تعلقات اچھے انداز میں اور اچھی بنیادوں پر استوار ہوں گے۔ دوسروں پر انحصار کرنے کی عادت چھوڑ دیں۔ اس عادت نے برجِ جدی والوں کو پہلے بھی کافی نقصان پہنچایا ہے۔ باقی ماننا نہ ماننا ان کے اوپر ہے۔ سال کے دوسرے نصف حصے میں مال و دولت کے حصول کا انحصار دوسروں کی وجہ سے ہوگا۔ لوگوں کا مال ملے گا اور لوگوں کے مال پر ہی وقت گزرے گا۔ مگر یہ سب کوئی گھٹیا انداز میں نہیں ہوگا۔ اچھے اور باوقار انداز میں ہوگا۔ ویسے ایک احتیاط برجِ جدی والوں کے لیے یہ ہے کہ وہ اپنے ہر معاملے میں پھونک پھونک کر قدم اٹھائیں اور جلد بازیوں سے گریز کریں۔

سال2005 کے لیے برج جدی والوں کے لیے الواح

اس سال مارچ میں ہونے والے شرف مریخ سے فائدہ اٹھائیں اور اپنی خواہشات کے حصول اور جائیداد سے متعلق امور میں بہتری کے لیے لوحِ شرف مریخ بنوائیں۔ عزت وقار میں اضافے اور زندگی میں خوشیوں کے حصول کے لیے شرفِ زہرہ کے موقع پر لوحِ شرف زہرہ بنوائیں۔ صحت کی بہتری اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے اور خوش قسمتی کو ساتھ کرنے کے لیے ستمبر میں ہونے والے شرفِ عطارد کے موقع پر لوحِ شرف عطارد بنوائیں۔ ان تمام الواح کی تیاری کے لیے ادارے سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

ماہ جنوری:۔

اس مہینے سیارگان کا اجماع طالع میں ہوگا۔ طبیعت میں ایک نازکی اور حساس پن بھی آئے گا۔ بہت سارے معاملات میں آسان فیصلے لے لیں گے۔ صحت کے حوالے سے خاص طور پر احتیاط کریں صحت کے مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ مگر یہ بات ضرور ہے کہ پچھلے سال کے آغاز میں جو مسائل محسوس کر رہے تھے اب وہ نہیں کریں گے۔ معاشرے میں اہمیت بڑھ جائے گی۔ دوست احباب رجوع کریں گے۔ دوستوں کے ساتھ وقت گزارنا بھی اچھا لگے گا۔ اس ماہ کے اختتام سے روپے پیسے کے معاملات کے حوالے سے بھی آسانی مل جائے گی۔

سعد تاریخیں	27,22,13,9	نحس تاریخیں	24,11,5

ماہ فروری:.

اس مہینے میں روپے پیسے کے حصول کے معاملات میں کافی آسانی رہے گی۔ اس ماہ کے آغاز میں ہی طبیعت میں ایک جوش اور ایک جذبہ بھر جائے گا۔ کچھ کرنے کا دل کرے گا۔ مگر یہ دھیان رہے کہ شریک حیات ضرورت سے زیادہ مفاد پرست ہوسکتی ہے یا پارٹنرشپ کرنے والے لوگ اور اصحاب بھی مفاد پرستی کا مظاہرہ کرسکتے ہیں۔ مفاد پرستوں سے بچنا جدی افراد کا کام ہے۔ اس ماہ کے دوسرے نصف حصے میں اپنے آس پاس کی چیزوں کو دھیان دیں اور ان پر نظر رکھیں۔ باقی دوسروں کی مدد بھی ملے گی۔

سعد تاریخیں	23,18,9,5	نحس تاریخیں	28,21,7,1

ماہ مارچ:.

اس مہینے چھوٹے بہن بھائی زیادہ توجہ کا باعث بنیں گے اور ان کے معاملات زیر بحث رہیں گے۔ تمام تر ہمت و قوت کو جمع کر کے اپنے کاموں کو ختم کریں۔ کوئی اچھی خبر سننے کو مل سکتی ہے۔ والدہ کی صحت کا خیال رکھیں اور ان کی بیماری کو کم نہ سمجھیں اور علاج پر توجہ دیں۔ جائیداد کی خرید و فروحت نہ ہی کریں تو زیادہ بہتر ہے۔ وگرنہ مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اپنے اندر موجود قوت اور طاقت کو جمع کریں اور اس سے کام لیتے ہوئے معاملات کو آگے بڑھائیں۔ زیادہ مسائل کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

سعد تاریخیں	31,22,17,8,4	نحس تاریخیں	27,20,6

ماہ اپریل:.

اس ماہ گھر والوں کو وقت دیں اور ان کے معاملات کو جاننے کی کوشش کریں۔ ان سے پیار و محبت کا اظہار کریں۔ جائیداد کی خرید و فروحت اب کرسکتے ہیں۔ ساتھ کام کرنے والوں کی عزت میں اضافہ ہوگا۔ گھر کے ماحول میں والدہ کا کردار کافی اہم ہو جائے گا۔ بس احتیاط وہی ہے کہ اپنے آپ کو دوسروں کے ہاتھ استعمال ہونے سے بچائیں۔ اس ماہ کے دوسرے نصف حصے میں کچھ مسائل اور [illegible] آئے گا اور یہ [illegible] بہت سی مشکلوں سے گزرنے کے بعد آئے گا۔

سعد تاریخیں	18,14,5	نحس تاریخیں	23,16,3

ماہ مئی:.

اس مہینے میں کام کا دباؤ کافی رہے گا اور اس دباؤ کو جدی افراد زیادہ محسوس کریں گے۔ صحت کی طرف سے لاپرواہی نہ برتیں وگرنہ نقصان ہوسکتا ہے۔ شریک حیات کی طبیعت اخراجات کی طرف مائل ہوسکتی ہے۔ متلون مزاج شریک حیات کسی بھی معاملے میں تنگی کا شکار کرسکتا ہے۔ اس کی صحت بھی خراب ہوسکتی ہے۔ والد کے مرتبے میں اور معاملات میں تیزی آئے گی۔ والدہ کے رشتے داروں سے فوائد حاصل ہوں گے۔ اور ایسا ہو جانے سے زندگی میں کچھ توازن آسکتا ہے۔

سعد تاریخیں	25,16,11	نحس تاریخیں	27,21,13

ماہ جون:.

اس مہینے ساتھ چلنے والے مضبوط ہوں گے۔ مخالفین طاقت پکڑے ہوئے ہوں گے اور ایسا ویسا کرنے سے کچھ

پہلے ان کی طاقت کا اندازہ ضرور کر لیں۔ شریک حیات سے زیادہ لے دے نہ کریں۔ گھر کے ماحول میں مسائل پیدا ہو سکتے ہیں اگر جوائنٹ فیملی سسٹم کے تحت رہ رہے ہیں تو پھر تو اس بات کے ہونے کے بہت امکان ہیں۔ جائیداد کے معاملات اور سواری کے حصول کے لیے کی گئی کوششیں اس ماہ سے مثبت نتائج دینا شروع کر دیں گی۔ مگر جدی افراد اب اپنے آپ کو بند بند محسوس کرنا شروع کر دیں گے۔ ان کے زیادہ تر معاملات ان کے ہاتھ میں نہیں ہوں گے۔

سعد تاریخیں	25,21,12,7	نحس تاریخیں	23,17,9

ماہ جولائی:۔

اس ماہ رہی سہی کسر بھی نکل جائے گی اور یوں محسوس ہوگا کہ جیسے کسی نے بند باندھ دیے ہوں۔ کسی مدد کسی پکار کا کوئی نتیجہ نہ نکلے گا۔ جو کچھ بھی کرنا پڑے گا وہ خود ہی کرنا پڑے گا۔ مگر اس مہینے کی خاص بات وہ یہ اگر شراکت داری پر کام کر رہے ہیں اور شراکت داری مضبوط بنیادوں پر ہے تو وہاں سے فوائد حاصل ہوں گے۔ طالع کا مالک اس ماہ میں ایک طویل عرصے کے بعد اپنا برج تبدیل کر رہا ہے۔ حوادث زمانہ کے لیے تیار ہو جائیں۔

سعد تاریخیں	22,18,9,4	نحس تاریخیں	20,14,7

ماہ اگست:۔

اس مہینے عزت وقار میں اضافہ اور رتبے میں بلندی ملے گی۔ وہ بند جو محسوس ہونا شروع ہوئے تھے اب کھلنے لگ جائیں گے۔ اس لیے اپنے آپ کو اگلے قدم کے لیے تیار کریں اور معاملات کو آگے بڑھا لیں۔ سسرالی رشتہ داروں سے مدد مل سکتی ہے۔ اس مدد کو حاصل کرنے کی کوشش کریں اور اس سے فائدہ اٹھائیں۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے کی گئی کوشش کامیاب ثابت ہوگی۔ معاملات کا جھکاؤ جدی افراد کی طرف ہونا شروع ہو جائے گا۔

سعد تاریخیں	27,19,15,5	نحس تاریخیں	30,17,10,3

ماہ ستمبر:۔

اس ماہ میں زندگی کی دوڑ میں آگے نکلنے کا عمل تیز ہو جائے گا۔ اگر کسی پراجیکٹ پر کام شروع کیا ہوا ہے تو اس کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہو جائیں گے۔ مختصر دورانیے کے طویل فاصلے کے سفر بھی ہو سکتے ہیں۔ جدی طلباء و طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے موقع ملنے شروع ہو جائیں گے۔ جدی بچے امتحان میں اچھے طریقہ سے کامیاب ہوں گے۔ ذہین بچوں کو وظیفہ بھی ملے گا۔

سعد تاریخیں	28,24,15,11,1	نحس تاریخیں	26,13,6

ماہ اکتوبر:۔

اس مہینے سوشل مصروفیات زیادہ ہو جائیں گی۔ کاروبار کی مصروفیات بڑھ جائیں گے۔ معاشرے میں عزت وقار میں اضافہ ہوگا۔ اگر کسی معاملے کو بے دھیانی سے حل کرنے کی کوشش کی تو پریشانی اور بدنامی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس ماہ کی 24 تاریخ سے حالات سازگار ہونا شروع ہو جائیں گے۔ دوسروں پر بہت زیادہ اعتماد اور توقعات لگانا نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔ مگر خیر اب زیادہ گھبرانے کی ضرورت نہیں۔

سعد تاریخیں	26,21,12,8	نحس تاریخیں	31,23,10,3

ماہ نومبر :۔

اس ماہ کے پہلے نصف حصے میں خواہشات بہت اچھے انداز میں پوری ہوں گی۔ معاملات میں ایک آسانی آئے گی۔ اس آسانی کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ ہو سکتا ہے اور اس ماہ کے دوسرے نصف حصے میں ایسا ہی ہوگا کہ چونکہ معاملات زندگی میں آسانی ہوگی اور خواہشات پوری ہوں گی تو دیکھیے گا کہ اخراجات کا دباؤ کیسے بڑھتا ہے؟ اب یہ تو ہونے سے رہا کہ کام بھی کریں اور تھکن بھی نہ ہو تو خواہشات کے حصول میں اخراجات کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	20,17,8,4	نحس تاریخیں	27,19,6

ماہ دسمبر :۔

اس ماہ ملی جلی کیفیت رہے گی۔ کچھ چیزیں سکون دیں گی اور کچھ چیزیں ٹینشن بھی دیں گی سو نہ بہت مسائل پیدا ہوں گے اور نہ بہت زیادہ آسانیاں ملیں گی۔ لیکن معاملات کا اور لوگوں کا رجوع آپ کی طرف ہی ہوگا۔ اس لیے اپنے آپ کو استوار کریں اور اپنے کاموں کو سرانجام دیں۔ لوگوں میں پہچان بڑھے گی۔ اور بہت سارے معاملات بہتر ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	19,14,6,1	نحس تاریخیں	24,17,4

برج دلو	دلوافراد کے لیے خوش قسمت پتھر۔ نیلم، پکھراج، ہیرا دلوافراد کے لیے خوش قسمت دن جمعرات، جمعہ، ہفتہ دلوافراد کے لیے خوش قسمت اعداد 8,3,6 دلوافراد کے لیے خوش قسمت رنگ، نیلا، گلابی، ہرا

سالانہ عمومی حالت :۔

اس سارے سال میں اللہ کی خوشنودی و رضا دلوافراد کے ساتھ ہوگی۔ پڑھنے والے دلو بچوں کی اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے کی گئی کوششیں کامیاب ثابت ہوں گے۔ وہ دلوافراد جو ملک سے باہر جانا چاہتے ہیں ان کی بھی سنی جائے گی۔ ہاں مگر یہ یاد رکھیں کہ جو کام بھی کریں وہ محنت سے کریں کیونکہ یہ وقت آپ سے محنت مانگ رہا ہے اور بغیر محنت کے کچھ بھی نہیں ملے گا۔ سال کے دوسرے نصف حصے میں دلوافراد جو شادی شدہ نہیں ہیں ان کی شادی کی بات چل سکتی ہے اور بہت سارے دلوافراد پارٹنر شپ میں جا سکتے ہیں مگر ان تمام چیزوں میں دھیان یہ رکھنا پڑے گا کہ احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹے۔

سال 2005 کے لیے دلو افراد کے لیے الواح:۔

اس سال مارچ میں ہونے والے شرف زہرہ کے موقع سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے جائیداد کے مسائل، گھریلو سکون، بیرونِ ملک سفر کرنے جیسے معاملات میں بہتری کے لیے لوحِ شرف زہرہ بنوالیں۔ معاشرے میں عزت وقار کے اضافے کے لیے مارچ میں ہی ہونے والے شرف مریخ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے لوحِ شرف مریخ بنوائیں۔ خواہشات کے آسان حصول کے لیے ستمبر میں ہونے والے شرف عطارد کے موقع پر لوحِ شرف عطارد بنوالیں۔ یہ تمام الواح ادارے سے بنوائی جاسکتی ہیں۔

ماہ جنوری:۔

اس ماہ کے آغاز میں کچھ دشواریاں اور مشکلات سامنے آئیں گی۔ اخراجات بڑھے ہوں گے۔ گھر کی آرائش جیسے سامان پر بھی اخراجات ہوسکتے ہیں۔ بچے بھی یہ کہہ سکتے ہیں کہ سیر و تفریح کی غرض سے جانا ہے اور ان کے ساتھ یا پھر دوستوں کے ساتھ کہیں گھومنے پھرنے کا پروگرام بن سکتا ہے۔ خواہشات بڑی تیزی سے اور بہت جلدی جلدی پوری ہوں گی اور یوں کچھ ملا جلا سا رجحان رہے گا۔ سسرالی رشتہ داروں کی وجہ سے بھی اخراجات ہوسکتے ہیں۔ یوں یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس سال کا آغاز کچھ مسائل کے ساتھ ہوا ہے۔

سعد تاریخیں	29,19,15,7,2	نحس تاریخیں	24,17,4

ماہ فروری:۔

اس ماہ کے آغاز سے ہی سکون ملنا شروع ہو جائے گا اور ذہن پر چھائی افسردگی اور پریشانی ختم ہو جائے گی۔ کچھ ہنسنے کا کچھ مسکرانے کا دل کرے گا۔ گھر کے ماحول اور گھر والوں کی وجہ سے راحتیں میسر آئیں گی۔ مگر تا بڑ توڑ اخراجات کے لیے تیار ہو جائیں۔ ان اخراجات کا باعث چھوٹے بہن بھائی اور رشتہ دار بھی ہو سکتے ہیں۔ اور یہ اخراجات معاشرے میں وقار اور عزت کی سربلندی کے لیے بھی کیے جاسکتے ہیں۔ مگر یہ اخراجات اپنے ساتھ آسانیاں لے کر آئیں گے نہ کہ مسائل۔ ساتھ چلنے والے اور شریک حیات دلو افراد پر بھروسہ کریں گے اور اعتماد کریں گے اور شخصیت کے وقار میں اضافے کا باعث ہوں گے۔ اس ماہ کے اختتام پر روپے پیسے کی آسانی آنا شروع ہوگی۔ مگر اس آمد میں زیادہ تر دخل چالاکی اور فریب کاری کا ہوگا۔

سعد تاریخیں	26,16,11	نحس تاریخیں	28,21,14,1

ماہ مارچ:۔

جن آسانیوں کا ذکر پچھلے ماہ کے اختتام کے حوالے سے آیا تھا وہ اب بھی ساتھ چلیں گی۔ شریک حیات روپے پیسے کی ڈیمانڈ کر سکتا ہے۔ مگر اس ماہ روپیہ کا حصول اتنا مشکل نہ ہوگا۔ یہ بات اپنی جگہ ہے کہ جس محنت کے کرنے کا ذکر کیا گیا تھا وہ دلو افراد کو کرنا پڑے گی۔ ہاں یہ بات ضرور ہے کہ اس ماہ اس محنت کا بدلہ ذرا بہتر ملے گا۔ زبان میں مٹھاس آئے گی۔ اس مٹھاس اور انداز میں ایک وقار کو شامل کرتے ہوئے جب سامنے والے سے گفتگو کریں گے تو معاملات کیوں نہ حل ہوں گے۔ اس ماہ کے آخری عشرے میں اللہ کا شکر ادا کریں گے کہ اللہ اللہ کر کے اخراجات کا زور ٹوٹا ہے۔

سعد تاریخیں	25,15,3	نحس تاریخیں	28,20,13

ماہ اپریل:۔

اس ماہ جو آسانیاں اور راحتیں پچھلے مہینے مل رہی تھیں۔ اب کم ہونا شروع ہو جائیں گی روپے پیسے کے حصول کے معاملے میں اب توجہ اپنے گردونواح اور اطراف میں پڑے گی۔ کاروباری دلو افراد اپنے کاروبار کو گردونواح میں پھیلانے کی کوشش کریں گے۔ کہیں سے کوئی اچھی خبر سننے کو آسکتی ہے اور فائدہ دے سکتی ہے۔ کسی مختصر دورانیے کے سفر سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ اس مہینے بھی آپ اپنے آپ کو بہت ہمت والا طاقت ور اور پرجوش انسان سمجھیں گے۔ اعلیٰ افسران اور بڑے آپ پر نظر کرم کریں گے اور آپ اپنے معاملات کو بڑی خوبی سے اور اچھے طریقے سے نبھائیں گے۔

سعد تاریخیں	26,22,12,7,	نحس تاریخیں	24,17,10

ماہ مئی:.

اس ماہ زیادہ تر توجہ گھریلو امور کی طرف رہے گی۔ گھریلو معاملات اپنے اندر الجھار کھیں گے۔ اب ایسا بھی نہیں کہ ہر وقت کوئی مسئلہ ہی ہو۔ ایسا بھی تو ہو سکتا ہے کہ بعض رکے ہوئے گھر کے کام ہوں جو اپنی توجہ مانگ رہے ہوں گے۔ اس مہینے کے دوسرے عشرے میں گھر والوں کے ساتھ کسی پکنک پر جانے کا پروگرام بھی بن سکتا ہے، والدہ سے ایک طرح کی دوستی ہو گی اور ان سے اپنی باتیں منوائی جا سکتی ہیں۔ یوں بہت سارے معاملے آسانی سے حل ہو سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	22,19,5	نحس تاریخیں	21,14,7

ماہ جون:.

اس مہینے کا سب سے اہم مسئلہ کام کی زیادتی ہے اور دوسرا مسئلہ صحت کے معاملات کی طرف سے لاپرواہی ہے۔ نوکری پیشہ دلو افراد اپنے معاملات زندگی میں ایک [illegible] لے کر آئیں اور اپنے کاموں کو صحیح طریقے سے کریں ورنہ مسائل الجھ سکتے ہیں۔ ویسے ہمت و شجاعت کی کوئی کمی نہیں اور اگر ایسی بات ہوئی تو دلو افراد کو اس سے نمٹنا بھی آتا ہے۔ اس ماہ کی خاص بات مشتری کا حالت رجعت سے حالت استقامت میں آنا ہے اس کی وجہ سے بھی بہت سارے معاملات میں بہتری آئے گی۔ روپے پیسے کے حصول اور خواہشات کے پورا ہونے کے حوالے سے بھی اچھا وقت ہے۔

سعد تاریخیں	28,20,15,1	نحس تاریخیں	30,18,10,3

ماہ جولائی:.

اس ماہ کی سب سے اہم بات ساتھ چلنے والوں کا طاقت پکڑنا ہے۔ مگر یہ بات دھیان میں رکھیں کہ ان کی طاقت پکڑنے سے اپنی طاقت کم نہیں ہونے دینی ہے۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ دوسروں پر انحصار، بڑھ جائے گا اور اس انحصار کرنے میں نقصان کوئی نہیں اگر دلو افراد اپنے مفادات کا تحفظ کر لیتے ہیں۔ اس ماہ دلو افراد کا حاکم سیارہ اپنا برج تبدیل کر رہا ہے۔ اس لیے اس ماہ کو خاصی تبدیلیوں والا مہینہ بھی کہا جا سکتا ہے۔ باقی شریک حیات سے تعلقات اچھے ہوں گے، انداز کو باوقار رکھ کر کچھ بھی منوا سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	25,17,13,3	نحس تاریخیں	27,15,8

ماہ اگست:.

اس مہینے میں دلو افراد اپنے معاملات میں ایک بندش محسوس کریں گے۔ پہلے تو لوگوں پر انحصار کی نوعیت کچھ اور تھی اب کچھ اور ہو جائے گی۔ لوگ بھی پہلے اپنا فائدہ سوچیں گے اور پھر کسی اور کام کی طرف دھیان دیں گے۔ اس لیے کسی بڑے پراجیکٹ میں ہاتھ نہ ڈالیں اور نہ کسی نئے کام کو شروع کریں۔ ایسا کرنے سے معاملات ہاتھ سے نکل سکتے ہیں۔

اس لیے حتی الامکان کوشش کریں کہ پرانی روٹین پر توجہ رکھیں اور اپنے معاملات کو پرانے ڈھنگ میں چلانے کی کوشش کریں۔

سعد تاریخیں	26,22,13,9	نحس تاریخیں	31,24,11,4

ماہ ستمبر:۔

اس ماہ کے پہلے کچھ عرصے میں تو بندش ویسی ہی محسوس کریں گے مگر جوں جوں وقت گزرتا چلا جائے گا آسانیاں راستے میں آنا شروع کر دیں گی۔ معاملات کھلتے چلے جائیں گے اور آسانیاں بڑھ جائیں گی۔ غیبی مدد ملنا شروع ہو جائے گی۔ کسی بھی قسم کے معائدے میں جانے سے پہلے بہت سوچ بچار کر لیں اور غور و خوض کرنے کے بعد معاملات کو قانونی تحریر میں لانے کی کوشش کریں۔ مشترکہ مفادات کے لیے کیے گئے کاموں میں آسانی ہوگی اور وہ جلد از جلد پورے ہوں گے۔ پارٹنر یا ساتھ چلنے والے لوگ مدد تو کریں گے مگر زیادہ اعلیٰ معیار کی نہیں۔ دکھاوا زیادہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	22,18,10,5	نحس تاریخیں	27,20,7

ماہ اکتوبر:۔

اس ماہ میں دنیا میں معاشرے میں اور سوشل پوزیشن میں اضافہ اور برتری ہوگی۔ کام کرنے والے اور ملازمین فائدے کا باعث ہوں گے۔ اس ماہ ایک اور خاص بات وہ یہ کہ مشتری بھی اپنا برج تبدیل کر رہا ہے اور اس تبدیلی سے بھی اہم واقعات جنم لیں گے۔ کاروبار میں بڑھوتری ہوگی اور خواہشات آسانی سے پوری ہوں گی۔ اور یوں پوری ہوں گی کہ خود بھی حیران رہ سکتے ہیں۔ مگر یہ بات صرف اتنی ہے کہ اگر فصل اچھی بوئی ہو تو کاٹنے پر پھل بھی اچھا ملتا ہے۔

سعد تاریخیں	20,15,7,2	نحس تاریخیں	24,17,5

ماہ نومبر:۔

اس ماہ میں خواہشات کے حصول کیلئے زیادہ کوششیں نہ کرنی پڑیں گی۔ معاشرے میں عزت و مرتبے میں اضافہ ہوگا۔ دنیا میں اپنا نام اور مقام بنانے کی کوشش کریں گے۔ جو کاروباری حضرات ہوں گے ان کے کاروبار اب اچھے طریقے سے چل رہے ہوں گے اور جو دلو افراد کسی کاروبار کی داغ بیل ڈالنا چاہتے ہیں ان کے لیے ایک اچھا وقت ہے اس سے وہ اپنے معاملات بہت بہتر انداز میں چلا سکیں گے۔ والد کے عزت و مرتبے میں اضافہ ہوگا اور وہ دلو افراد کی وجہ سے اپنے آپ کو اچھا محسوس کرنا شروع کر دیں گے۔

سعد تاریخیں	26,16,2	نحس تاریخیں	28,21,14,1

ماہ دسمبر:۔

اس ماہ سے ٹینشن اور اخراجات کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ اس کی زیادہ وجہ گھر کے افراد اور گھر کا ماحول بھی ہو سکتا ہے۔ سسرالی رشتہ داروں کی طرف سے مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ شریک حیات کچھ اخراجات لے کر سامنے آ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ پارٹنر شپ کرنے اور رکھنے والے دلو افراد کو اس ماہ محتاط رہنا چاہیے کہ کہیں ان کا پارٹنر ان کو دھوکہ تو نہیں پہنچا رہا ہے۔ اس لیے سال کے اس آخری مہینے کو احتیاط سے گذاریں۔ کسی قسم کا پنگا نہ لیں اور نہ کسی معاملے میں الجھیں۔

سعد تاریخیں	28,23,14,9,1	نحس تاریخیں	26,18,11

حوت افراد کے لیے خوش قسمتی کے پتھر:۔
پکھراج، مرجان، مونگا
حوت افراد کے لیے خوش قسمت دن:۔
جمعرات، منگل، جمعہ
حوت افراد کے لیے خوش قسمت اعداد:۔
6,9,3
حوت افراد کے لیے خوش قسمت رنگ:۔
ہلکا براؤن، لال، نارنجی

سالانہ عمومی حالت:۔

سال 2005 میں برج حوت والوں کی حالت کچھ زیادہ اچھی بھی نہ ہوگی اور نہ زیادہ بری ہوگی۔ کچھ ملا جلا رجحان رہے گا۔ زیادہ تر لوگوں کے مال و دولت پر یہ وقت اور سال گذارنے کی کوشش کریں گے۔ مسائل کا شکار رہے گے مگر بڑے اچھے انداز سے اس سے نبرد آزما ہوں گے۔ ... تو زیادہ مسائل پیدا نہ ہوں گے بلکہ آسانیاں رہیں گی۔ دوستوں کی مدد سے خواہشات پوری ہوں گی اور دوست احباب مدد کریں گے بھی اور خرچ آسائشات پر ہوں گے۔ باقی سال کا دوسرا نصف برج حوت والوں کو زیادہ مشکل لگے گا صحت کے مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ اس لیے اس وقت کو دھیان سے گزاریں۔

برج حوت والوں کے لیے سال 2005 کے لیے الواح:

مارچ میں ہونے والے شرف مریخ سے فائدہ اٹھا کر مال و دولت میں اضافے اور خوش نصیبی اور خوش قسمتی کو اپنے ساتھ کرنے کے لیے لوح شرف مریخ بنوائیں۔ بڑے معاملات سے ... اور عزت و دولت میں اضافے کے لیے شرف زہرہ کے موقع پر لوح شرف زہرہ بنوائیں۔ صحت کے مسائل اور روزگار کے حصول کے لیے لوح شرف شمس بنوائیں۔ گھر کے ماحول میں سکون، سواری کے حصول اور شراکت کے کاموں میں فائدے کے لیے لوح شرف عطارد بنوائیں۔ یہ تمام الواح بنانے کے لیے ادارے سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔

ماہ جنوری:۔

اس سال کا آغاز خوشیوں بھرا ہوگا۔ معاملات بہت اچھے انداز میں پورے ہو رہے ہوں گے۔ خواہشات کو پورا کریں گے۔ حوت افراد بھی ان کی خواہشات کو پورا کریں گے۔ کاروباری معاملات اور سوشل پوزیشن کے حوالے سے مشورہ یہ ہے کہ اس میں کسی قسم کی جلد بازی نہ کریں وگرنہ معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ ویسے بھی لاپرواہیاں حوت افراد کی زندگی کا حصہ بنی ہوئی ہیں۔ سو لاپرواہیوں سے گریز کریں۔

سعد تاریخیں	26,21,12,8	نحس تاریخیں	24,16,10

ماہ فروری:۔

اس مہینے سے اخراجات کا گراف آسمان کی بلندیوں کو چھونے لگے گا۔ تمام رکے ہوئے معاملات اب پورا ہونے

کو ہیں اس لیے ان تمام اوقات کو دھیان سے گذاریں۔ پیسے کو روک کر استعمال کریں۔ ہر قسم کے خرچے کا محاذ اپنا منہ کھولے ہوئے ہے۔ ہاں ایک بات ہے وہ یہ کہ آمدنی اور مال و دولت کے متعلق جو خواہشات ہیں وہ پوری ہو رہی ہوں گی اور تمام تر پریشانیوں کے باوجود سارے کے سارے کام نمٹتے چلے جائیں گے۔ یہ چیز حیرانی کا باعث ہوگی۔ ویسے بھی قدرت کے کھیل نرالے ہوتے ہیں۔ کون اس کو سمجھ پایا ہے۔ ہم لوگ بھی اس کی عطا کردہ علم کی بدولت ہی کچھ سمجھنے کے قابل ہوتے ہیں۔

سعد تاریخیں	22,17,9,5	نحس تاریخیں	20,13,7

ماہ مارچ:۔

اس ماہ حوت افراد کے فیصلہ کرنے کی قوت سلب ہوگی اور بہت ممکن ہے کہ جو فیصلہ بھی کریں اس کے نتائج درست نہ ہوں۔ ویسے کام حوت افراد کے سر پر سوار ہوگا۔ کچھ صحت کے حوالے سے پریشانی ہوگی۔ شریک حیات کے معاملات بھی تنگی کا باعث ہو سکتے ہیں۔ ہاں ایک بات یہاں تھوڑی سی بتا تا چلوں کہ وہ جو پہلے خواہشات کے حصول میں تیزی کا عمل آیا تھا اب اس تیزی کا عمل اخراجات اور مسائل میں آجائے گا۔ چونکہ کام حوت افراد کو کرنا ہے تو بہتر ہے کہ تمام معاملات پر گہری نظر رکھتے ہوئے اس وقت کو گذاریں۔

سعد تاریخیں	22,17,[illegible]	[illegible]	19,12,6

ماہ اپریل:۔

اس مہینے خرچ اور آمدن میں کسی حد تک توازن رہے گا۔ یعنی کہ خرچنے کے لیے پیسے پاس ہوں گے۔ اور حوت افراد کو یوں محسوس ہوگا کہ وہ زیادہ قرضے کے بوجھ تلے نہ آجائیں گے۔ ویسے طبیعت میں جو شگفتگی ہے وہ برقرار رہے گی اور زبان میں مٹھاس اور بات میں ایک بانکپن ہوگا۔ سو اس بات کو ذرا دھیان میں رکھیں کہ اگر ایسا نہ کیا تو پھر معاملات کا رخ بدل بھی سکتا [illegible] لیکن ان تمام کاموں کو مٹھاس اور وقار سے ہی پورا کریں۔ ایسا کرنے سے ہی بہتری آئے گی۔

سعد تاریخیں	27,18,13,4,6	نحس تاریخیں	29,15,8

ماہ مئی:۔

اس مہینے زیادہ تر مصروفیات قرب و جوار کے علاقے میں ہوں گی۔ حوت افراد اس ماہ کے آغاز سے ہی پر جوش اور سرگرم ہو جائیں گے اور کچھ کر کے دکھانا چاہیں گے۔ مگر جوش میں ہوش کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹے ورنہ بنتی بات بھی بگڑ سکتی ہے۔ چھوٹے بہن بھائی، عزیز رشتہ دار حوت افراد کے کام آسکتے ہیں اور حوت افراد ان کے کام آسکتے ہیں۔ اگر کسی بہن بھائی سے ناراضگی ہے تو اب اس کے دور ہونے کا وقت آگیا ہے۔ اس معاملے اور معاملے کی اہمیت کو وقت کی روشنی میں خوب غور و خوض کے بعد ہمت سے فیصلہ لیتے ہوئے پورا کر دیں۔

سعد تاریخیں	24,15,10,1	نحس تاریخیں	26,12,5

ماہ جون:۔

اس ماہ گھر والے اور جائیداد کے مسائل اپنے گھیرے میں لے سکتے ہیں۔ والدہ گھر کی اہم شخصیت اختیار کر لیں گی اس کے علاوہ سیر و تفریح کے پروگرام بن سکتے ہیں۔ طبیعت میں موجود غصے اور گرمی پر قابو پائیں اور اس کی وجہ سے پیدا ہو سکنے والی صورتحال سے بچیں۔ اس ماہ بچوں کے امور پر بھی توجہ دیں ورنہ کوئی پریشانی سامنے آسکتی ہے۔ ساتھ

چلنے والے لوگ خواہشات بہت حد تک لگائیں گے۔ اور ان کی خواہشات پوری بھی ہوں گی ویسے یہ مہینہ کافی بہتر رہے گا۔ اس ماہ کے دوسرے نصف حصے میں روپے پیسے کے حصول کے حوالے سے معاملات کافی بہتر ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	24,20,11,6	نحس تاریخیں	29,22,8,1

ماہ جولائی:.

اس مہینے کچھ ملی جلی کیفیات رہیں گی۔ کبھی لگے گا کہ معاملات آسانی سے حل ہوں گے اور کبھی لگے گا کہ تنگی کا شکار ہو رہے ہیں۔ واقعی حوت افراد کا سوچنا ٹھیک ہے۔ عرصہ دراز کے بعد حوت افراد کے آرام سکون کے دن کام والے دنوں میں بدلنے والے ہیں۔ ڈاکٹر سے چیک اپ کرا لیں۔ وگرنہ کسی بیماری کا شکار ہو گئے تو سنبھلنا مشکل ہو جائے گا۔ نوکری پیشہ حوت افراد اپنی نوکری کے معاملات کی طرف سے غافل نہ ہوں وگرنہ معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ کاروباری حوت افراد کو اپنے ملازمین کی چھانٹی کر لینی چاہیے بعد میں نہ کہنا کہ خبر نہ ہوئی۔

سعد تاریخیں	30,22,18,8,3	نحس تاریخیں	26,20,6

ماہ اگست:.

اس ماہ میں معاملات کا زیادہ تر کنٹرول لوگوں کے ہاتھوں میں چلا جائے گا۔ حوت افراد کو اپنی طبیعت پر قابو پانا چاہیے اور سنجیدگی اختیار کرنا چاہیے۔ اگر ان لوگوں نے اپنے معاملات کو سنجیدگی سے چلانے کی کوشش نہ کی تو پھر مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ ویسے اس ماہ میں لوگ مالی معاملات میں آسانی سے فوائد حاصل کر جائیں گے۔ اس لیے اگر خود بھی فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تو ہوش کے ناخن لیں وگرنہ صرف دوسرے فائدہ اٹھائیں گے اور حوت افراد ویسے کے ویسے ہی رہیں گے۔ ویسے اب سال کے اس حصے سے گذر رہے ہیں جہاں بندشیں کافی زیادہ محسوس ہوں گی۔

سعد تاریخیں	27,19,15,5	نحس تاریخیں	23,17,2

ماہ ستمبر:.

اس ماہ کو برج حوت والوں کے لیے سخت ترین مہینہ کہا جا سکتا ہے۔ اس مہینے میں برج حوت والوں کو یوں محسوس ہو گا کہ جیسے ان کا وجود کچھ بھی نہیں۔ یہ صرف کام کرنے کے لیے پیدا ہوئے ہیں دنیا میں ہونے والے جتنے فائدے بھی ہیں وہ دوسروں کے لیے ہیں ان کا کچھ بھی نہیں ہے۔ یہ لوگ اپنے آپ کو ایک بند کمرے میں پائیں گے۔ ان کے آس پاس کی دنیا رنگین تو ہو گی مگر یہ رنگینی ان کے لیے نہ ہو گی۔ مگر شاباش ہے اور آفرین ہے حوت افراد کا بھی کہ یہ لوگ اس پر ڈٹے رہیں گے اور اپنے آپ کو اس پریشان وقت سے نکال جائیں گے۔ چھوٹوں کا تعاون حاصل رہے گا۔

سعد تاریخیں	24,16,11,2	نحس تاریخیں	29,15,8

ماہ اکتوبر:.

اس مہینے کے آغاز سے ٹھنڈی ہوائیں چلنا شروع ہو جائیں گی۔ بند کمرے کھل جائیں گے اور حوت افراد یہ محسوس کریں گے کہ وقت کا شکنجہ جوان کے گرد تنگ ہوتا جا رہا تھا اب کھل رہا ہے۔ سسرالی رشتہ داروں سے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ بیرونِ ملک رہنے والے کسی رشتہ دار اور دوست سے کسی قسم کی مدد مل سکتی ہے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے حوت افراد اس ماہ اچھے نتائج دیکھیں گے۔ غرضیکہ کہ ہر معاملے میں پیش آنے والی رکاوٹ دور ہونا شروع ہو جائے گی۔ مثبت وقت آ گیا ہے۔ گھبرائیں نہیں۔

سعد تاریخیں	27,22,13,9	نحس تاریخیں	25,17,11

ماہ نومبر:۔

